تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
Power of Pakistan News Agency
جلد: 02 | منگل 28 اپریل 2026، 09 ذی القعدہ 1447ھ | صفحات 06 | قیمت 30 روپے | شمارہ: 256

قانون پر پابندی یقینی بنانے کیلئے کم عمر ڈرائیونگ کی روک تھام ضروری ہے، مریم نواز

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا لین غیر منظم ٹریفک ٹرینڈ پر اظہار تشویش، لین اور لائن کی پابندی یقینی بنانے کا ہدف مقرر، ٹریفک پولیس نے 6 ماہ میں 5 لاکھ سے زائد چالان کیے اور ایک لاکھ سے زائد گاڑیاں پکڑیں، بریفنگ

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت تمام بڑے شہروں میں لین لائن کی پابندی یقینی بنانے کا ہدف مقرر کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں لاہور کے بڑے روڈز کو ٹریفک کے حوالے سے ماڈل بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ ٹریفک پولیس موبائل گاڑیوں پر لگے کیمروں سے لین لائن کی پابندی کی مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت کی۔ زگ زیگ میں چلانے پر موٹر سائیکل تھانے میں تین دن بند رہے گی۔ لین لائن ڈسپلن، روڈ سائیڈ پارکنگ (بقیہ نمبر 37)

لندن میں علامہ طاہر اشرفی کے ساتھ ہراسانی کا واقعہ، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

لندن (این این آئی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی کے ساتھ لندن میں ہراسانی کا (بقیہ نمبر 6)

سردار ایاز صادق کی وائٹ ہاؤس میں صحافیوں کے عشائیہ کی تقریب پر فائرنگ کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وائٹ ہاؤس میں صحافیوں کے اعزاز (بقیہ نمبر 5)

25 کروڑ عوام فرسودہ نظام سے بیزار ہو چکے ہیں، لیاقت بلوچ

لاہور (بیورو چیف) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 25 کروڑ عوام (بقیہ نمبر 4)

صوبائی اسمبلی کا اگلا اجلاس لگتا ہے مویشی منڈی میں ہوگا، فیصل کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال پر (بقیہ نمبر 3)

پارسی برادری کی 133 سالہ خدمات پاکستان کے لیے مشعلِ راہ ہیں، وزیر تجارت جام کمال خان

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے پارسی برادری کی پاکستان کے (بقیہ نمبر 2)

پاکستان بھائی کیلئے کیم کا بھرپور اور موثر جواب دیا، وزیر اطلاعات

عالمی سطح پر پاکستان کے موقف کو بھرپور پذیرائی ملی اور بھارت کو سفارتی، عسکری و بیانیہ محاذ پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، واضح کر دیا گیا کہ قومی خودمختاری اور پانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

وزیر اعظم کے خطاب نے پہلگام واقعہ کے بعد جو پالیسی سمت متعین کی، اس کے مثبت اثرات سامنے آئے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان نے ملک کے دفاع کو موثر انداز میں یقینی بنایا اور ہر سطح پر اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ پانی ہماری ریڈ لائن ہے، ہم بھارت کو آبی دہشت گردی کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، پہلگام واقعہ پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بھارت کو عالمی سطح پر بے نقاب کیا، پاکستان نے بھارتی بلیم گیم کا بھرپور اور موثر جواب دیا، وزیر اعظم کا پی ایم اے کاکول میں تاریخی خطاب اس سلسلے میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا۔ عالمی سطح پر پاکستان کے موقف کو بھرپور پذیرائی ملی اور بھارت کو سفارتی، عسکری و بیانیہ محاذ پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، واضح کر دیا گیا کہ (بقیہ نمبر 8)

قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی لاہور کے ایک مقامی ہوٹل میں اولڈ راوینز ایسوسی ایشن کے سالانہ عشائیہ سے خطاب کر رہے ہیں۔

چین کے تعاون سے بلوچستان میں زچہ و بچہ صحت کا منصوبہ شروع

بلوچستان میں زچگی اور بچوں کی اموات کی شرح میں کمی لانے میں مدد ملے گی جو ایک عرصے سے ایک بڑا مسئلہ رہا ہے۔

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے شعبہ صحت کیلئے ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں صوبائی حکومت نے چین کے تعاون سے زچہ و بچہ کی صحت کی سہولیات بہتر بنانے کے لیے ایک جامع منصوبہ شروع کر دیا ہے۔ یہ منصوبہ پاک چین تعاون کے فروغ کی عکاسی ہے، یہ منصوبہ صوبے کے سات اضلاع میں نافذ کیا جائے گا۔ گوادر پرو کے مطابق حکام کے مطابق یہ (بقیہ نمبر 7)

لاہور: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سپیکر پنجاب اسمبلی کی بہن کے انتقال پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں۔

نوشکی میں سیکیورٹی فورسز کا ٹارگٹڈ آپریشن، فتنہ الہندوستان کے 5 اہم کمانڈرز ہلاک

فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ اور مواصلاتی آلات قبضے میں لے لیے، ذرائع

اسلام آباد/نوشکی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے نوشکی میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے ٹارگٹڈ آپریشن میں فتنہ الہندوستان کے پانچ اہم کمانڈرز کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے نوشکی میں دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے اور اس مقصد کیلئے نوشکی کے نواحی علاقے میں اپنے ٹھکانے میں موجود ہے جس پر (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا لائسنسنگ پراسیس مکمل پیپر لیس کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے لائسنسنگ پراسیس کو مکمل پیپر لیس کر دیا گیا، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے پیپر لیس لائسنسنگ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا لائسنسنگ میں جدت لانے کے لیے بڑا اقدام ہے۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک اور ٹریفک کے افسران بھی موجود تھے۔

پولیو ویکسین سے انکار کے واقعات میں 20 فیصد کمی آ گئی

ملک کے تمام علاقوں میں پولیو ویکسینیشن کی شرح اوسط سے بلند رہی

لاہور (این این آئی) قومی ایمرجنسی آپریشن سنٹر نیڈ و سری قومی انسدادِ پولیو مہم کی رپورٹ جاری کر دی۔ جس کے مطابق ملک کے تمام علاقوں میں پولیو ویکسینیشن کی شرح اوسط سے بلند رہی، مہم میں 4 کروڑ 48 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین فراہم کی گئی، ویکسینیشن ٹیموں نے وفاقی اور صوبائی سطح پر 99 فیصد گھروں تک رسائی حاصل کر لی، گھر گھر ویکسین فراہم کرنے (بقیہ نمبر 26)

خیبر پختونخوا حکومت کا ہائبرڈ گندم خریداری پالیسی 2026 کا اعلان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے ہائبرڈ گندم خریداری پالیسی 2026 کا اعلان کر دیا۔ صوبائی حکومت کی دستاویز کے مطابق پہلی بار گندم خریداری میں نجی شعبے کو بھی شامل کر لیا گیا، حکومت 5 لاکھ 30 ہزار میٹرک (بقیہ نمبر 27)

صدر اور وزیر اعظم، نائب وزیر اعظم کا امریکی صدارتی عشائیہ میں فائرنگ پر گہرے صدمے کا اظہار

پر فائرنگ گھناؤنا دہشتگردانہ عمل ہے، صدر زرداری..... خوشی ہوئی کہ صدر ٹرمپ، خاتون اول اور دیگر شرکاء خیریت سے ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے واشنگٹن میں وائٹ ہاؤس عشائیہ میں فائرنگ کے واقعہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وائٹ ہاؤس میں فائرنگ گھناؤنا دہشت گردانہ عمل ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے وائٹ ہاؤس پریس ڈنر میں فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور خاتون اول کے محفوظ ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پریس (بقیہ نمبر 10)

چانگشا، صدر آصف علی زرداری کو SANY Heavy Industry Co Ltd میں بریفنگ دی جا رہی ہے۔

ہمارے ٹیکسوں کے پیسوں سے اربوں روپے کی تشہیر ہو رہی ہے، حافظ نعیم الرحمن

صرف صوبہ پنجاب میں ایک کروڑ سے زائد بچے اسکولوں سے باہر ہیں اور حکومت کے پاس آئی ٹی کی تعلیم دینے کے لیے کوئی منصوبہ نہیں، امیر جماعت اسلامی

سرگودھا (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ ہمارے ٹیکسوں کے پیسوں سے اربوں روپے کی تشہیر ہو رہی ہے صرف صوبہ پنجاب میں ایک کروڑ سے زائد بچے اسکولوں سے باہر ہیں اور حکومت کے پاس آئی ٹی کی تعلیم دینے کے لیے کوئی منصوبہ نہیں اس وقت کامرس اسکولز کو ختم کیا جا رہا ہے ملک میں 70 سے 80 لاکھ نوجوان لاں وطن منشیات کا شکار ہیں، اگر حکمرانوں (بقیہ نمبر 11)

پاراچنار، کم سن بچے کیساتھ مبینہ جنسی زیادتی کا افسوسناک واقعہ سامنے آیا

مقامی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو مبینہ طور پر ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع کرم کے ضلعی ہیڈ کوارٹر پاراچنار میں کم سن بچے کے ساتھ مبینہ جنسی زیادتی کا افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے جس پر مقامی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دو مبینہ طور پر ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز تھانہ پاراچنار میں مقامی شہری علی اکبر ولد نور حسین نے اپنے کم سن بچے کے ساتھ زیادتی کی رپورٹ درج کرائی جس پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کرم، ملک حبیب خان نے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے فوری کارروائی (بقیہ نمبر 12)

سنگاپور: ہائی کمشنر رابعہ شفیق پاکستانی ہائی کمیشن میں معروف مصنف امر دیپ سنگھ اور ان کی اہلیہ کے ساتھ ملاقات کر رہی ہیں، پاکستان میں سکھوں کے ورثے کو دستاویزی شکل دینے میں ان کے تعاون کو سراہتے ہیں۔

صدر زرداری کا چانگشا میں حنان ٹی گروپ کمپنی لمیٹڈ کا دورہ

حنان گروپ کو مختلف شعبوں میں پاکستان کے ساتھ اشتراک کے مواقع تلاش کرنے کی دعوت

چانگشا (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چانگشا میں حنان ٹی گروپ کمپنی لمیٹڈ کا دورہ کیا۔ صدر مملکت نے ویلیو ایڈیشن، ایگرو پروسیسنگ اور برآمدات کے فروغ کے شعبوں میں تعاون کے امکانات کو سراہا۔ اتوار کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کو حنان ٹی گروپ کے آپریشنز، سپلائی چین اور بین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ حنان ٹی گروپ کے چیئرمین (بقیہ نمبر 14)

صدر ممالک کی ہونان کے پارٹی سیکرٹری شین شیاؤ منگ سے ملاقات، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

ہونان صوبے کیساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں، آصف علی زرداری

چانگشا (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے عوام گہرے اور مضبوط رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں اور یقین ہے دونوں ممالک کے عوام کے دل ہمیشہ ایک دوسرے کے قریب رہیں گے، ہونان صوبے کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے صوبہ ہونان کے پارٹی سیکرٹری شین شیاؤ منگ سے ملاقات کے دوران کیا۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 15)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے سابق گورنر سندھ میاں محمد سومرو گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

ٹرمپ کی جانب سے جنگ نہ کرنے کا اعلان خوش آئند ہے، رانا تنویر حسین

یو اے ای کے ساتھ ہمارے تعلقات بہت اچھے ہیں اور مزید اچھے ہوں گے، وفاقی وزیر

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے جنگ نہ کرنے کا اعلان خوش آئند ہے۔ اپنے آبائی حلقے مریدکے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ چین نے جدید ٹیکنالوجی میں دنیا کو پیچھے چھوڑ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سائنسدان اور ٹیکنالوجی ماہرین کی کارکردگی شاندار ہے، صدر ٹرمپ کی طرف سے جنگ نہ (بقیہ نمبر 16)

صدر ٹرمپ کے محفوظ رہنے کا سن کر اطمینان ہوا، اسحاق ڈار کی واشنگٹن فائرنگ واقعے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے واشنگٹن فائرنگ واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کے محفوظ رہنے کا سن کر اطمینان ہوا۔ ایک بیان میں اسحاق ڈار نے امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور عوام سے اظہار یکجہتی کیا اور بزدلانہ (بقیہ نمبر 13)

برطانوی وزیر اعظم اور ٹرمپ کا آبنائے ہرمز کا فوری بحالی کی ضرورت پر تبادلہ خیال

کیئر اسٹارمر نے ڈونلڈ ٹرمپ کو فون کر کے ان کی اور خاتون اول کی خیریت پر اطمینان کا اظہار کیا

لندن (این این آئی) برطانیہ کے وزیر اعظم کیئر اسٹارمر اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کی فوری بحالی کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا تاکہ شپنگ معمول میں آ جائے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ڈاننگ اسٹریٹ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ امریکی صدر کی موجودگی میں وائٹ ہاؤس میں صحافیوں کے ڈنر کی تقریب (بقیہ نمبر 17)

سرگودھا: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سرگودھا میں بنوقابل تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ایف آئی اے کی کارروائی، انسانی اسمگلنگ کے بڑے نیٹ ورک سے وابستہ اہم ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے نے کاموکی میں کامیاب کارروائی کے دوران انسانی اسمگلنگ کے بڑے نیٹ ورک سے وابستہ اہم ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ملزم نے دورانِ تفتیش اعتراف کیا ہے کہ رواں ماہ لیبیا کے قریب سمندر میں ڈوبنے والی کشتی (بقیہ نمبر 18)

خسرہ سے رواں سال ملک بھر میں 71 اموات ہوئیں، رپورٹ

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں رواں سال خسرہ سے 71 اموات رپورٹ ہو چکی ہیں۔ ذرائع وزارت صحت کے مطابق خسرہ سے سب سے زیادہ 40 اموات سندھ میں رپورٹ ہوئیں۔ ذرائع وزارت صحت کے مطابق ملک میں 16 ہزار سے زائد مشتبہ کیسز رپورٹ ہوئے جبکہ 4 ہزار کیسز کی تصدیق ہوئی ہے۔ سندھ میں خسرہ کے 4 ہزار سے زائد مشتبہ کیسز رپورٹ ہوئے (بقیہ نمبر 22)

ایل پی جی کی سرکاری نرخ کی بجائے زائد قیمتوں پر فروخت جاری

لاہور (این این آئی) سوئی گیس کی بندش کے باعث شہر میں ایل پی جی کی طلب میں نمایاں اضافہ ہو گیا ہے جس کے نتیجے میں اوپن مارکیٹ میں قیمتوں میں بے قابو اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ ایل پی جی کا سرکاری نرخ 304 روپے کی بجائے 450 سے 550 روپے فی کلو تک (بقیہ نمبر 23)

پی ٹی آئی کے پیٹ میں درد ہے، پاکستان کا جھنڈا دنیا میں کیوں بلند ہو رہا ہے، احسن اقبال

پاکستان پوری دنیا کے غریبوں کا مقدمہ لڑ رہا ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی کا تقریب سے خطاب

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے پیٹ میں درد ہے پاکستان کا جھنڈا دنیا میں کیوں بلند ہو رہا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پوری کوشش ہے کہ جنگ رکوانے کیلئے جو کردار ادا کر سکتے ہیں کریں، امریکا اور ایران جنگ کے حل کے ساتھ پوری دنیا کا مستقبل جڑا ہوا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان پوری دنیا کے غریبوں کا مقدمہ لڑ رہا ہے، (بقیہ نمبر 28)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

کاموکی سے گرفتار انسانی اسمگلر کا 16 لاپتہ پاکستانیوں کو لیبیا پہنچانے کا اعتراف

کاموکی (این این آئی) کاموکی سے گرفتار انسانی اسمگلر نے رواں ماہ تارکین وطن کی کشتی حادثے میں لاپتہ 16 پاکستانیوں کو لیبیا پہنچانے کا اعتراف کر لیا۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے کاموکی میں کارروائی کی اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث ملزم گرفتار کیا۔ دوران تفتیش ملزم نے اعتراف کیا کہ 5 اپریل (بقیہ نمبر 29)

عمان کے سلطان اور ایرانی وزیر خارجہ کی ملاقات، امریکہ ایران جنگ کے خاتمے کی کوششوں پر تبادلہ خیال

مسقط (این این آئی) عمان کے سلطان ہیثم بن طارق آل سعید اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان ملاقات میں امریکہ ایران جنگ کے خاتمے کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دوطرفہ ملاقات میں علاقائی صورتِ حال اور دوطرفہ معاملات پر گفتگو کی گئی جبکہ ایران جنگ کے خاتمے کی کوششوں پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ عمانی نیوز ایجنسی (بقیہ نمبر 30)

مدارس رجسٹریشن کے معاملے پر جے یو آئی حکومت بلوچستان پر برہم

ملک کے کسی بھی حصے میں مدارس کے خلاف کوئی قدم اٹھایا گیا تو ہم سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہوں گے، مولانا غفور حیدری

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ ملک کے کسی بھی حصے میں مدارس کے خلاف کوئی قدم اٹھایا گیا تو ہم سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہوں گے اور ہر محاذ پر بھرپور مزاحمت کریں گے۔ مدارس رجسٹریشن کے حوالے سے حکومت بلوچستان کے رویے پر سخت ردعمل میں انہوں نے کہا کہ حکمران ہوش کے ناخن لیں، ورنہ نتائج کے خود ذمہ دار ہوں گے، مدارس کو بند کرنے یا دبا میں لانے کا خواب دیکھنے (بقیہ نمبر 31)

ڈیزل فارمولا میں تبدیلی دباؤ کا نتیجہ نہیں، پٹرولیم ڈویژن ریفائنریز میں معاہدہ ہو گیا، علی پرویز

ریسرچ ٹیم سے مشاورت کے بعد عبوری فارمولا تیار کیا گیا، ریفائنریز کو مکمل ڈی ریگولیشن کی طرف بڑھنا ہے، وزیر پیٹرولیم

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ڈیزل فارمولا میں تبدیلی کسی دباؤ کا نتیجہ نہیں، پٹرولیم ڈویژن اور ریفائنریز کے درمیان رضا کارانہ معاہدہ طے پایا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ریسرچ ٹیم سے مشاورت کے بعد عبوری فارمولا تیار کیا گیا، ریفائنریز کو اپ گریڈ اور مکمل ڈی ریگولیشن کی طرف بڑھنا ہے، ریفائنریز کو عالمی سطح کے مطابق منصفانہ قیمت دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیمت (بقیہ نمبر 32)

کراچی: چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس ظفر احمد راجپوت ایڈوکیٹ جنرل ہاؤسنگ سوسائٹی کی جنرل باڈی میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں۔

وائٹ ہاؤس فائرنگ، محفوظ بال روم ہوتا تو واقعہ نہ ہوتا، ٹرمپ

گزشتہ 150 برس سے ہر امریکی صدر وائٹ ہاؤس میں ایک محفوظ اور جدید بال روم کی تعمیر پر زور دیتا رہا ہے

امریکہ (شیراز حسین) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں عشائیے کے دوران ہونے والی فائرنگ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر عمارت کے اندر ایک بڑا اور محفوظ بال روم موجود ہوتا تو یہ واقعہ پیش نہ آتا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ گزشتہ 150 برس سے ہر امریکی صدر وائٹ ہاؤس میں ایک محفوظ اور جدید بال روم کی تعمیر پر زور دیتا رہا ہے، تاہم مختلف وجوہات کی بنا پر یہ منصوبہ مکمل نہ ہو سکا۔ انہوں نے کہا کہ اگر زیر تعمیر "ٹاپ سیکرٹ" سیکیورٹی بال روم پہلے سے موجود ہوتا تو حملہ آور کو موقع نہ ملتا، کیونکہ اس میں جدید ترین سیکیورٹی خصوصیات شامل ہیں اور اس کے اوپر ایسی کوئی جگہ نہیں جہاں غیر محفوظ افراد جمع ہو سکیں۔ صدر ٹرمپ نے اس منصوبے کے خلاف دائر مقدمے کو مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسے فوری طور پر ختم کیا جانا چاہیے، اور اس منصوبے کی تکمیل میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ دوسری جانب حکام کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں گرفتار ملزم کو عدالت میں پیش کیا جائے گا، جس پر آتشیں اسلحہ کے ذریعے پرتشدد جرم اور ایک وفاقی اہلکار پر حملے کے الزامات عائد کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ ہفتے کی شب وائٹ ہاؤس میں منعقدہ ایک عشائیے کے دوران ایک مسلح شخص نے بال روم کے باہر سیکیورٹی چیک پوائنٹ پر حملہ کیا، تاہم سیکیورٹی اداروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے اسے قابو میں لے لیا۔ واقعے کے وقت صدر ٹرمپ، نائب صدر اور دیگر اعلیٰ حکام محفوظ رہے اور انہیں فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا، جبکہ تقریب منسوخ کر دی گئی۔

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی ملاقات

صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاحی اقدامات اور مجموعی گورننس پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (این این آئی) قومی اسمبلی کے سپیکر سردار ایاز صادق نے پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے ملاقات کی جس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاحی اقدامات اور مجموعی گورننس پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبے میں جاری ترقیاتی کاموں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار ہر ضلعے اور ہر حلقے میں مساوی بنیادوں پر ترقیاتی کام ہو رہے (بقیہ نمبر 19)

پنجاب فلم انڈسٹری کی بحالی کے لیے تاریخی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا، عظمیٰ بخاری

پنجاب میں عالمی معیار کے فلم سٹی' بننے جا رہا ہے، ایڈیٹنگ کے لیے ملک سے باہر جانے کی ضرورت نہیں رہے گی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پنجاب کی فلم انڈسٹری کو دوبارہ پیروں پر کھڑا کرنے کے لیے انقلابی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ طویل عرصے سے زوال کا شکار فلم انڈسٹری کی بحالی کے لیے پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار 2 ارب روپے کے خطیر فنڈز مختص کیے (بقیہ نمبر 21)

پاکستان کا ایران کو تجارت میں سہولت دینے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) پاکستان نے ایران کو تجارت میں سہولت دینے کا بڑا فیصلہ کرتے ہوئے پاکستان کے ذریعے کسی تیسرے ملک کے لیے ایران کو تجارت کی اجازت دے دی۔ وزارت تجارت نے پاکستان کے ذریعے (بقیہ نمبر 20)

لاہور: سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سینئر وزیر مریم اورنگزیب، سپیکر پنجاب محمد احمد خان سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

بطور گورنر غریبوں کی مدد نہ کر سکا تو میرا ضمیر مطمئن نہیں ہوگا، سردار سلیم حیدر

وہ وقت دور نہیں جب بلاول بھٹو ملک کے وزیر اعظم ہوں گے، گورنر پنجاب کا تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ غریبوں کی مدد نہ کر سکا تو میرا ضمیر مطمئن نہیں ہوگا، آنے والا وقت پیپلز پارٹی کا ہے۔ گورنر پنجاب نے ضلع اٹک کے لنگر گاؤں گھنڈیاں کا دورے کیا جہاں عوام اور نوجوانوں نے ان کا موٹر سائیکل ریلی پر شاندار استقبال کیا۔ اپنے دورے کے دوران لنگر گاؤں میں ذاتی کاوشوں سے سولر واٹر سپلائی کا افتتاح بھی کیا۔ سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا مسلم لیگ (ن) سے اتحاد ملکی مفاد میں ہے، (ن) لیگ کے (بقیہ نمبر 24)

پی آئی اے کا تمام ایئرپورٹس پر الیکٹرک کارٹ سروس متعارف کروانے کا فیصلہ

اس اقدام سے تمام مسافروں، خصوصاً بزرگ شہریوں، خصوصی افراد اور بھاری سامان کے ساتھ سفر کرنے والوں کو نمایاں سہولت میسر آئے گی

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے ملکی بڑے ایئرپورٹس پر مسافروں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایپ بیسڈ الیکٹرک پیسنجر موبیلٹی کارٹ سروس متعارف کروانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ پہلے مرحلے میں یہ جدید سہولت اسلام آباد، کراچی، لاہور اور ملتان ایئرپورٹس پر فراہم کی جائے گی۔ پی اے اے کی جانب سے الیکٹرک کارٹ سروس کے لیے باقاعدہ ٹینڈر طلب کر لیے گئے ہیں۔ اس منصوبے (بقیہ نمبر 25)

جڑواں شہروں کی خبریں

فاقی وزیر پانی وبجلی سردار اویس احمد خان لغاری کی ہدایت اور چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو چوہدری خالد محمود کی زیر نگرانی

ایس ای آئیسکو واہ کینٹ سردار سلیم احمد خان نے دفتر ایس ڈی او آئیسکو اٹک کینٹ میں کھلی کچہری لگائی،

صارفین کی کثیر تعداد نے بجلی کے بلوں میں فکس چارجز، نیٹ میٹرنگ کے حصول میں مشکلات، بجلی کی بہت زیادہ ظالمانہ لوڈ شیڈنگ ،تین میلہ فیڈر پر لوڈ ویلیج کا قدیمی مسئلہ اور دیگر عوامی مشکلات کے حوالے سے شکایات پیش کیں

اٹک (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر پانی وبجلی سردار اویس احمد خان لغاری کی ہدایت اور چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو چوہدری خالد محمود کی زیر نگرانی ایس ای آئیسکو واہ کینٹ سردار سلیم احمد خان نے دفتر ایس ڈی او آئیسکو اٹک کینٹ میں کھلی کچہری لگائی، جس صارفین کی کثیر تعداد نے بجلی کے بلوں میں فکس چارجز، نیٹ میٹرنگ کے حصول میں مشکلات، بجلی کی بہت زیادہ ظالمانہ لوڈ شیڈنگ، تین میلہ فیڈر پر لوڈ ویلیج کا قدیمی مسئلہ اور دیگر عوامی مشکلات کے حوالے سے شکایات پیش کیں، ایڈیشنل سپرنٹنڈنگ انجینئر آئیسکو اٹک بابر محمود، ایڈیشنل ایکسین اٹک کینٹ سب ڈویژن نقیب اللہ کاکڑ، اٹک ڈویژن کے دیگر ایس ڈی او، ریونیو افسر سمیت افسران اور عملہ کی کثیر تعداد موجود تھی، ایس ای آئیسکو واہ کینٹ سردار سلیم احمد خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فکس چارجز میرا کے لا کے مطابق ہیں اس میں کسی قسم کی تبدیلی ان کے دائرہ اختیار میں نہیں، نیٹ میٹرنگ سے نیٹ بلنگ وفاقی حکومت کا فیصلہ ہے آئیسکو اور ڈسکوز کو اس پر بھی کوئی اختیار حاصل نہیں ہے، تین میلہ فیڈر پر لوڈ ویلیج کا مسئلہ جلد حل ہو جائے گا ڈھائی کروڑ روپے کی لاگت سے اس پر کام جاری ہے اور تقریباً اور دو ماہ میں یہ پائپ تکمیل تک پہنچ جائے گا جس سے یہ مسئلہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا، انہوں نے بعض مسائل کے حوالے سے موقع پر ہی احکامات جاری کرتے ہوئے صارفین کے مسائل کو حل کیا، انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری اور چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو چوہدری خالد محمود کے احکامات کی روشنی میں صارفین کو سہولیات فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے، انہوں نے آئیسکو اٹک کی جانب سے صارفین کو سہولیات فراہم کرنے پر اطمینان کا اظہار کیا۔

مظفر آباد، کمشنر بحالیات مسعود الرحمٰن کوٹھوٹھہ میں زیر تعمیر مہاجر کالونی کے دورے کے دوران ڈسٹرکٹ ویلفیئر آفیسر معروف ڈار بریفنگ دے رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب نوٹس لیں علاقہ مکینوں نے ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا

جہلم للہ دو، رویہ سڑک پنڈ دادنخان تا مصری موڑ سست روی کا شکار، ٹرانسپورٹرز، عوام، تاجر، طلبہ وطالبات شدید پریشانی میں مبتلا

جہلم للہ دو، رویہ 128 کلو سڑک کا منصوبہ پنڈ دادنخان تا مصری موڑ انتہائی سست روی کا شکار ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم للہ دو، رویہ سڑک پنڈ دادنخان تا مصری موڑ سست روی کا شکار، ٹرانسپورٹرز، عوام، تاجر، طلبہ وطالبات شدید پریشانی میں مبتلا، وزیر اعلیٰ پنجاب نوٹس لیں علاقہ مکینوں نے ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا۔ تفصیلات کے مطابق جہلم للہ دو، رویہ 128 کلو سڑک کا منصوبہ پنڈ دادنخان تا مصری موڑ انتہائی سست روی کا شکار ہے جس کے باعث تحصیل پنڈ دادنخان سے ضلعی ہیڈ کوارٹر آنے والے مسافروں، ٹرانسپورٹرز، اور تاجر برادری کو شدید مشکلات کا سامنا ہے یہ منصوبہ جہلم کو للہ انٹرچینج موٹروے سے ملانے والی ایک اہم رابطہ سڑک ہے جو انتہائی اہمیت کا حامل منصوبہ ہے تاہم پنڈ دادنخان تا مصری موڑ کام کی رفتار انتہائی سست ہونے کے باعث عوام میں تشویش بڑھتی جا رہی ہے۔ اس اہم سڑک کے مکمل ہونے سے جہلم، میرپور، سرائے عالمگیر اور ملحقہ علاقوں کی طرف آنے والی بھاری ٹریفک جو گھنٹوں مشکلات کا شکار رہتی ہے جس سے نہ صرف مسافروں کو شدید ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ ایندھن کے اخراجات اور وقت کا ضیاع بھی بڑھ جاتا ہے۔ روزانہ سفر کرنے والے افراد طلبہ اور مریضوں کو خاص طور پر مشکلات کا سامنا ہے تاجر برادری کا کہنا ہے کہ سڑک کی عدم تعمیر اور مسلسل تاخیر کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ سامان کی بروقت ترسیل میں رکاوٹ آ رہی ہے جس سے مالی نقصان بڑھ رہا ہے اور مقامی معیشت بھی دباؤ کا شکار ہے شہریوں نے مزید بتایا کہ زیر تعمیر سڑک کی وجہ سے حادثات میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ متعدد جان لیوا حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں جبکہ سینکڑوں افراد زخمی بعض مستقل معذوری کا شکار ہو چکے ہیں۔ سڑک کی خراب حالت کے باعث عوام کی لاکھوں روپے مالیت کی گاڑیاں بھی خراب ہو رہی ہیں، جس سے اضافی مالی بوجھ پڑ رہا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ اس اہم مسئلے پر توجہ مرکوز کریں اور حسب وعدہ جون 2026 میں سڑک کا کام مکمل کیا جائے تاکہ علاقہ مکینوں کی مشکلات میں کمی واقع ہو سکے، جہلم

سپریم کورٹ آف پاکستان نے غیر متوقع عام تعطیلات اور کیس سیشن سے متعلق علیحدہ معیاری ملی طریقہ کار) ایس او پیز (جاری کردیئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سپریم کورٹ آف پاکستان نے عدالتی امور کے بلا تعطل تسلسل کو یقینی بنانے اور مقدمات کی مقررگی کو شفاف، ترجیحی اور قابل پیشگوئی نظام کے تحت منظم کرنے کیلئے غیر متوقع عام تعطیلات اور کیس سیشن سے متعلق علیحدہ معیاری عملی طریقہ کار)ایس او پیز (جاری کر دیئے۔ ایس او پیز کے مطابق اچانک اعلان کردہ عام تعطیلات کے دوران بھی عدالت کے انتظامی اور عدالتی امور معمول کے مطابق جاری رہیں گے، جن کیلئے کم سے کم ضروری عملہ تعینات کیا جائے گا۔ مقدمات کی مقررگی کے نئے فریم ورک کے تحت فوری نوعیت کے دیوانی اور فوجداری مقدمات کو ترجیح دی جائے گی

وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر فیصل ممتاز راٹھور کا چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی دعوت پر مظفر آباد میں بی آئی ایس پی کے نئے دفتر کا افتتاح

*میری ٹائم سینٹر آف ایکسیلینس کے زیر اہتمام جدید ٹیکنالوجیز اور مستقبل کی جنگ پر بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی

تقریب میں اعلیٰ عسکری قیادت، پالیسی سازوں، سفارتکاروں، ماہرین تعلیم، صنعتی ماہرین اور مختلف جامعات کے طلبہ نے شرکت کی

کراچی (سٹاف رپورٹر) میری ٹائم سینٹر آف ایکسیلینس کے زیر اہتمام کراچی میں "جدید ٹیکنالوجیز اور مستقبل کی جنگ "کے موضوع پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا مقصد میری ٹائم ماہرین، تعلیمی اداروں اور دفاعی صنعت کے نمائندگان کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا تھا تاکہ بدلتے ہوئے جیو اسٹریٹیجک رجحانات اور جنگ پر جدید ٹیکنالوجی کے اثرات پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے بطور مہمانِ خصوصی تقریب میں شرکت کی۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی نے جدت، حالات سے ہم آہنگی اور آپریشنل افادیت کے فروغ کے لیے دفاعی صنعت، صارفین اور تعلیمی اداروں کے مابین قریبی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کا اشتراک مقامی سطح پر پیداوار اور خود انحصاری کو فروغ دے گا، جس سے پاکستان میں ایک کم لاگت اور عالمی معیار کی حامل دفاعی صنعت قائم ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بحرِ ہند ایک اہم خطہ ہے جہاں مستقبل کی جنگی حکمت عملی تشکیل پا رہی ہے، کیونکہ اس خطے سے عالمی تجارت کی وسیع آمدورفت ہے اور کسی بھی رکاوٹ کی صورت میں عالمی ترسیلی نظام، توانائی کی قیمتوں اور اس سے منسلک معیشتوں پر نمایاں اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ کانفرنس میں اس پہلو پر روشنی ڈالی گئی کہ جدید ٹیکنالوجیز کے سول اور عسکری استعمال کے درمیان فرق کم ہوتا جا رہا ہے، جو مواقع کے ساتھ ساتھ ایسے چیلنجز بھی پیدا کر رہا ہے جن سے پاکستان کے دفاعی نظام کو نمٹنا ہوگا۔ کانفرنس میں یہ بھی اجاگر کیا گیا کہ تیز رفتار تکنیکی ترقی جنگ کی نوعیت بدل رہی ہے اور دفاعی حکمتِ عملی، فورس اسٹرکچر اور نتائج ازسرِ نو متعین ہو رہے ہیں۔ تقریب میں اعلیٰ عسکری قیادت، پالیسی سازوں، سفارتکاروں، ماہرین تعلیم، صنعتی ماہرین اور مختلف جامعات کے طلبہ نے شرکت کی۔ کانفرنس کے اختتام پر اس امر پر زور دیا گیا کہ مستقبل کے جنگی رجحانات سے ہم آہنگ رہنے اور ٹیکنالوجی سے پیدا ہونے والی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے مسلسل علمی و فکری تعاون درکار ہے۔

چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے بطور مہمانِ خصوصی تقریب میں شرکت کی

کسی بھی مرض کی تشخیص اور اسکے علاج میں ایک لیب و ڈائگنوسٹک سنٹر کا کردار سب سے اہم ہوتا ہے، سعید جان مروت

آل پاکستان ایسوسی ایشن آف ہیلتھ اینڈ میڈیکل آرگنائزیشنز نے 23 اپریل کو لیبارٹریز و ڈائگنوسٹک سنٹرز کا عالمی دن منایا

ایک بہترین تشخیص ہی علاج کی جانب پہلا قدم ہوتا ہے، صدر آل پاکستان ایسوسی ایشن آف ہیلتھ اینڈ میڈیکل آرگنائزیشنز ملک سجاد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان ایسوسی ایشن آف ہیلتھ اینڈ میڈیکل آرگنائزیشنز کے زیر اہتمام لیبارٹریز کا عالمی دن منایا گیا، اس موقع پر چیئرمین آل پاکستان ایسوسی ایشن آف ہیلتھ اینڈ میڈیکل آرگنائزیشنز سعید جان مروت نے کہا کہ کسی بھی مرض کی تشخیص اور اسکے علاج میں ایک لیب و ڈائگنوسٹک سنٹر کا کردار سب سے اہم ہوتا ہے، صدر آل پاکستان ایسوسی ایشن آف ہیلتھ اینڈ میڈیکل آرگنائزیشنز ملک سجاد نے کہا کہ ایک بہترین تشخیص ہی علاج کی جانب پہلا قدم ہوتا ہے، سیکرٹری جنرل آل پاکستان ایسوسی ایشن آف ہیلتھ اینڈ میڈیکل آرگنائزیشنز عبدالوحید بابی نے کہا کہ جو کردار امراض کی تشخیص میں لیبارٹریز کا ہے وہ ایک مسلمہ حقیقت ہے اور ایک بہترین اور جدید لیبارٹری ہی اس میں اہم کردار ادا کرتی ہے، اس موقع پر سی ای او عمر ڈائگنوسٹک اینڈ کنسلٹنٹ کلینک قیصر شاہ ، آل پاکستان پیرامیڈکس اسٹاف یونین کے سیکرٹری جنرل ارشد خان، سعید انٹرنیشنل ہسپتال و لیبارٹریز کے سی ای او ڈاکٹر نعمان سعید، بی پوزیٹو بلڈ بینک کے زاکر حسین ، ڈائگنوسٹک ہب کے محمد وسیم ، شاہین لیب کے ڈائریکٹر قمر رزاق، یونیورسل لیب کے مسعود قریشی، ایکسل لیب سے راجہ مبشر نذیر کو دیگر نے لیبارٹریز کے اس اہم کردار پر کہا کہ بلاشبہ ایک بہترین اور جدید لیبارٹری ہی امراض کی تشخیص اور علاج میں اہم کردار ادا کرتی ہے

پاکستان سے عازمینِ حج کی مدینہ منورہ آمد کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری

افسران کے بچوں کے لیے 50 فیصد جبکہ حاضر سروس اور ریٹائرڈ پولیس افسران کے بچوں کے لیے 30 فیصد سکول فیس میں رعایت فراہم کی جائے گی

اٹک پولیس اور حرا ماڈل ہائی سکول اٹک کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط

معاہدے کا مقصد اٹک پولیس کے افسران و جوانوں اور شہدا کے بچوں کو معیاری تعلیمی سہولیات کی فراہمی میں خصوصی رعایت دینا ہے

اٹک (بیورو رپورٹ) اٹک پولیس اور حرا ماڈل ہائی سکول اٹک کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار موارہن خان کی زیر نگرانی اٹک پولیس اور حرا ماڈل) بوائز اینڈ گرلز (ہائی سکول دارالسلام کالونی میجر طاہر صادق روڈ چوم چوک اٹک سٹی کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے گئے، اس معاہدے کا مقصد اٹک پولیس کے افسران وجوانوں اور شہدا کے بچوں کو معیاری تعلیمی سہولیات کی فراہمی میں خصوصی رعایت دینا ہے، معاہدے کے تحت شہدا پولیس کے بچوں کے لیے 100 فیصد، دورانِ سروس وفات یا زخمی ہونے والے افسران کے بچوں کے لیے 50 فیصد جبکہ حاضر سروس اور ریٹائرڈ پولیس افسران کے بچوں کے لیے 30 فیصد سکول فیس میں رعایت فراہم کی جائے گی

پاکستان سے عازمینِ حج کی مدینہ منورہ آمد کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری

پری حج فلائٹ آپریشن کے تحت اب تک مجموعی طور پر 8,753 پاکستانی عازمین مدینہ پہنچ چکے

مدینہ منورہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان سے عازمینِ حج کی مدینہ منورہ آمد کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری ہے، اور پری حج فلائٹ آپریشن کے تحت اب تک مجموعی طور پر 8,753 پاکستانی عازمین مدینہ پہنچ چکے ہیں۔ کوآرڈینیٹر مدینہ کاشف حسین نے وزارتِ مذہبی امور کے دیگر حکام کے ہمراہ عازمین کا ان کی رہائش گاہوں پر استقبال کیا۔ عازمین کے اعزاز میں ایک پروقار استقبالیہ بھی منعقد کیا گیا، جس میں کیک کاٹنے کی تقریب اور خصوصی عشائیہ شامل تھا۔ حکام کے مطابق اس نوعیت کی سرگرمیاں عازمین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور ان کے لیے ایک خوشگوار اور آرام دہ ماحول مہیا کرنے کی کوششوں کا حصہ ہیں، تاکہ وہ اپنی روحانی سفر کا آغاز اطمینان کے ساتھ کر سکیں۔

ڈی آئی جی اور کمشنر کا امتحانی مراکز کا دورہ، شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت

امتحانی مراکز میں سیکیورٹی، نقل کی روک تھام اور شفاف عمل کا جائزہ۔

سانگھڑ (بیورو چیف/آصف حسین انصاری) ڈی آئی جی شہید بینظیر آباد رینج فیصل بشیر میمن اور کمشنر شہید بینظیر آباد رینج نے ضلع نوشہرو فیروز اور مورو کے مختلف امتحانی مراکز کا مشترکہ دورہ کیا۔ دورے کا مقصد جاری امتحانات کے دوران سیکیورٹی، شفافیت اور امتحانی عمل کی نگرانی کو یقینی بنانا تھا۔ اس موقع پر ایس ایس پی نوشہرو فیروز اور متعلقہ افسران نے ڈی آئی جی فیصل بشیر میمن اور کمشنر ایس بی اے رینج کو امتحانی مراکز پر سیکیورٹی انتظامات، نقل کی روک تھام اور طلبہ و طالبات کے لیے فراہم کردہ سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈی آئی جی فیصل بشیر میمن نے سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ امتحانی عمل کو ہر صورت میں پرامن، شفاف اور منصفانہ بنایا جائے اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کو ہرگز برداشت نہ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ نقل مافیا کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور امتحانی مراکز کے اطراف موثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے امتحانات کے دوران ضابطہ اخلاق پر مکمل عملدرآمد کروایا جائے اور طلبہ کو سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ ڈی آئی جی فیصل بشیر میمن نے مزید کہا کہ پولیس اور ضلعی انتظامیہ باہمی تعاون سے امتحانات کے شفاف انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، تاکہ طلبہ اپنی صلاحیتوں کے مطابق بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں۔ دورے کے دوران مختلف امتحانی مراکز کا معائنہ کیا گیا اور وہاں موجود انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ حکام نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ امتحانی نظام کو شفاف بنانے کے لیے سخت نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

چیئرمین سی ڈی اے کی زیر صدارت سی ڈی اے بورڈ کا سال 2026 کا چوتھا اجلاس

جہلم صوبائی حکومت نے پنجاب بھر کے بلدیاتی اداروں میں افسران کی پوسٹوں پر غیر قانونی تعیناتیوں

نچلے کیڈر کے - ملازمین کو اضافی چارج دینے کا سخت نوٹس

7 یوم کے اندر محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پنجاب کو رپورٹ بھجوائیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم صوبائی حکومت نے پنجاب بھر کے بلدیاتی اداروں میں افسران کی پوسٹوں پر غیر قانونی تعیناتیوں، نچلے کیڈر کے - ملازمین کو اضافی چارج دینے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے تمام کارپوریشنوں ، ضلع کونسلوں اور میونسپل کمیٹیوں کے سربراہان کو ہدایت کی ہے کہ وہ ایسے تمام فیصلوں کو فوری طور ہے واپس لے کر 7 یوم کے اندر محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پنجاب کو رپورٹ بھجوائیں حکومتی احکامات پر فوری عمل درآمد نہ کرنے والے ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی اس ضمن میں پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ کے ایڈمنسٹریٹر افسر نے پنجاب کی تمام میٹرو پولیٹن کارپوریشنوں، میونسپل کارپوریشنوں ضلع کونسلوں اور تحصیل میونسپل کمیٹیوں کے چیف افسران وسربراہان کو مراسلہ جاری کر دیا ہے ایڈمنسٹریٹر یو افسر کی جانب سے جاری مراسلہ نمبر LGS (Arch(-1)106(/2020 کہا گیا ہے کہ پنجاب کے جن بلدیاتی اداروں نے بلڈنگ برانچ سمیت مختلف شعبوں میں غیر قانونی تقرریاں یا نچلے کیڈر کے ملازمین کو اضافی چارج دے رکھے ہیں وہ ان کی تمام تفصیلات فراہم کریں یا ہر بلدیاتی ادارہ اس حوالے سے پنجاب حکومت کو تحریری کلیرنس سرٹیفکیٹ فراہم کرے جس میں اس بات کی یقین دہانی کرائی جائے کہ یہاں پر نہ تو خلاف ضابطہ ایسی کوئی تقرری کی گئی ہے نہ ہی کسی کو اضافی چارج دیا گیا ہے مراسلہ میں سال 2021 اور 2025 کے فیصلوں اور واضح احکامات کا حوالہ دیتے ہوئے ایسی تقرریوں اور ذمہ داریوں کو اپوائنٹمنٹ اینڈ کنڈیشنز آف سروس رولز 2018 کے صریحاً منافی قرار دیا گیا ہے اور تمام بلدیاتی سربراہان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 7 یوم کے اندر اپنے اداروں سے متعلق سرٹیفکیٹ دیں کہ ان کے پاس ایسی کوئی تقرری نہیں ہے اس ضمن میں ذرائع کا کہنا ہے کسی بھی میٹروپولیٹن یا میونسپل کارپوریشن ،ضلع کونسل اور میونسپل کمیٹیوں کی بلڈنگ برانچ میں بلڈنگ انسپکٹر کی پوسٹ لوکل گورنمنٹ کے ماتحت ہے اور اس کے مستقل یا عارضی انسپکٹر کی تقرری بھی لوکل یا گورنمنٹ کا اختیار ہے ذرائع کے مطابق گزشتہ کئی سالوں سے پنجاب بھر میں سیاسی بنیادوں پر ادارے کے کلرکوں سمیت نچلے کیڈر کے سینکڑوں افراد کو بلڈنگ انسپکٹر کی سیٹوں پر تعینات کیا گیا ہے یا انہیں اضافی چارج دیئے گئے ہیں دوسری جانب ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے بلڈنگ انسپکٹر کی خالی آسامیوں سے متعلق متعدد مرتبہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کو آگاہ کیا گیا لیکن کوئی جواب نہ ملنے پر اداروں کے کام کو متاثر ہونے سے بچانے کے لیے فیصلہ کیا گیا تاکہ معاملات خراب نہ ہوں،

پولیس کی منشیات فروشوں اور اشتہاری کے خلاف کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار

منشیات فروش سبحان علی سے 560 گرام چرس، ناصر چانڈیو سے 30 لیٹر شراب برآمد۔

سانگھڑ (بیورو چیف آصف حسین انصاری) ایس ایچ او ٹنڈو آدم سٹی حنیف مہر کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی چرس کے ڈیلر سبحان علی راجپوت کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 560 گرام چرس برآمد کی ہے۔ دوسری کاروائی میں منشیات فروش ناصر علی چانڈیو کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 30 لیٹر شراب برآمد کی ہے۔ منگلی تھانہ پولیس نے منشیات فروش عاطف آرائیں کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 2200 پڑیاں گٹکے کی برآمد کی ہیں۔ چوٹیاریوں تھانہ پولیس نے منشیات فروشوں آچر، غلام حسین کیریو اور خمیسو بھیل سے 60 لیٹر شراب اور 01 موٹر سائیکل برآمد کی ہے سنجھورو تھانہ پولیس نے منشیات فروش حیدر عرف ڈھولو شیخ سے 220 پڑیاں گٹکے کے برآمد کی ہیں۔ کھپرو تھانہ پولیس نے منشیات فروشوں تھان سنگ، انور اور لاکھ جی سے 30 لیٹر شراب برآمد کی ہے۔ بیرانی تھانہ پولیس نے مقدمہ نمبر 46 سال 2025 زیر دفعہ 392، 34 پی پی سی کے روپوش اللہ بخش چانڈیو کو گرفتار کیا ہے۔

شادی کی تقریب میں المناک حادثہ، 11 ہزار وولٹ کی تار سے کرنٹ لگنے سے 3 کمسن بچے جاں بحق

شہداد پور سے آئے مہمان بچے چھت پر سوتے ہوئے کرنٹ لگنے سے دم توڑ گئے، گھر میں کہرام۔

سانگھڑ (بیورو چیف/آصف حسین انصاری) سانگھڑ کے تعلقہ شہداد پور سے تعلق رکھنے والے ایک ہی خاندان کے تین کمسن بچے حیدر آباد میں ایک افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہو گئے، جہاں خوشیوں بھرا شادی کا گھر اچانک صف ماتم میں تبدیل ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق، یہ دلخراش واقعہ حیدر آباد کے سب ڈویژن پھلیلی ٹنڈو طیب کے علاقے میں پیش آیا، جہاں شہداد پور سے آئے مہمان شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے موجود تھے۔ رات کے وقت تین بچے گھر کی چھت پر سو رہے تھے کہ اچانک قریب سے گزرنے والی 11 ہزار وولٹ کی بجلی کی تار سے کرنٹ لگنے کے باعث شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق، متاثرہ بچوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکے اور دم توڑ گئے۔ جاں بحق ہونے والوں میں 14 سالہ عبدالرحمان ولد کامران، 12 سالہ فیضان ولد فیروز اور 10 سالہ فرحان ولد فیروز شامل ہیں، جبکہ دو بچے آپس میں سگے بھائی تھے۔ پولیس کے مطابق تینوں بچے شہداد پور سے شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے حیدر آباد آئے تھے۔ واقعے کے بعد اہل خانہ پر کہرام مچ گیا اور خوشیوں کا گھر ماتم میں ڈوب گیا۔ لاشوں کو چھت سے نیچے اتار کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔ اہل علاقہ نے بجلی فراہم کرنے والے ادارے (حیسکو) کی مبینہ غفلت پر شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ رہائشی علاقوں میں خطرناک حد تک نیچے لٹکتی بجلی کی تاروں کو فوری طور پر درست کیا جائے تاکہ آئندہ ایسے المناک حادثات سے بچا جا سکے۔

ایس ایس پی کا اردلی روم، پولیس اہلکاروں کے مسائل سنے اور احکامات جاری

ایس ایس پی سید فدا حسین شاہ نے اردلی روم میں 2 انسپکٹرز، 11 اے ایس آئیز اور 16 کانسٹیبلز کے مسائل سنے۔

میرپور خاص (ڈسٹرکٹ رپورٹر فقیر محمد منگریو) ایس ایس پی میرپور خاص سید فدا حسین شاہ کی جانب سے ایس ایس پی آفس میں ہفتہ وار اردلی روم کا انعقاد، پولیس افسران و اہلکاروں کے مسائل سنے گئے اور پینڈنگ شوکاز نوٹسز پر احکامات جاری کیے گئے ایس ایس پی میرپور خاص سید فدا حسین شاہ نے حسب دستور آج اپنے دفتر میں اردلی روم کا انعقاد کیا جس میں ضلع میرپور خاص پولیس کے 02 انسپکٹرز، 11 اے ایس آئیز، 16 کانسٹبل/ہیڈ کانسٹیبل پیش ہوئے۔ اردلی روم میں پیش ہونے والے تمام پولیس افسروں و اہلکاروں کے پینڈنگ شوکاز نوٹسز پر احکامات جاری کئے گئے اور ان کے مسائل سنے گئے۔ ایس ایس پی میرپور خاص نے اردلی روم میں پیش ہونے والے پولیس افسران و اہلکاروں کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اپنی ڈیوٹی نہایت دیانتداری اور ایمانداری سے کریں، بلا وجہ غیر حاضر نہ رہیں اور عوام سے خوش اخلاقی اور محبت سے پیش آئیں اور مزید الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دیں۔

سندھڑی پولیس مقابلہ مشکوک قرار، عدالت کا بڑا حکم

جوڈیشل مجسٹریٹ کا ایس ایچ او سمیت 3 اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم

میرپور خاص (ڈسٹرکٹ رپورٹر فقیر محمد منگریو) عدالت کا سندھڑی پولیس مقابلے کو مبینہ قرار دیتے ہوئے ایس ایچ او سمیت تین اہلکاروں پر مقدمہ درج کرنے کا حکم۔ خان محمد عرف خانو مری کی ہلاکت کا معاملہ، جوڈیشل مجسٹریٹ نے ورثا کی درخواست پر بڑا فیصلہ سنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق میرپور خاص کی مقامی عدالت نے سندھڑی کے علاقے میں چند روز قبل ہونے والے پولیس مقابلے کو مشکوک قرار دیتے ہوئے ایس ایچ او سندھڑی خدا بخش رانجھانی اور دو پولیس اہلکاروں کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے، واضح رہے کہ پولیس نے دعویٰ کیا تھا کہ خان محمد عرف خانو مری ایک پولیس مقابلے کے دوران مارا گیا ہے تاہم مقتول کے ورثا نے اس دعوے کو یکسر مسترد کرتے ہوئے اسے ماورائے عدالت قتل قرار دیا تھا اور انصاف کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا، درخواست گزار کے موقف اور ابتدائی شواہد کو مدنظر رکھتے ہوئے جوڈیشل مجسٹریٹ نے متعلقہ تھانے کو حکم دیا ہے کہ واقعے میں ملوث ایس ایچ او اور دیگر اہلکاروں کے خلاف فوری طور پر ضابطے کی کارروائی عمل میں لائی جائے، عدالت کے اس فیصلے کے بعد مقتول کے لواحقین میں انصاف کی امید پیدا ہوگئی ہے جبکہ پولیس حلقوں میں اس فیصلے کے بعد کھلبلی مچ گئی ہے۔

مہران ٹرین سمیت ٹرینوں کی بندش کے خلاف عوامی ردعمل

ٹرین سروس بندش کو عوامی سفری حق سے محرومی قرار

میرپور خاص (ڈسٹرکٹ رپورٹر فقیر محمد منگریو) مہران ٹرین کی بندش عوام کو آسان و محفوظ سفر سے محروم کرنے کی سازش ہے۔ میرپور خاص ٹو حیدر آباد کراچی روٹ کی ٹرینوں کے بند ہونے سے روزانہ ہزاروں شہری مہنگے ترین اور اذیت ناک پبلک ٹرانسپورٹ کے ذریعے سفر کرنے پر مجبور ہیں۔ ریلوے کے اعلیٰ حکام میرپور خاص تا کراچی اور میرپور خاص تا حیدر آباد روٹ پر چلنے والی مہران ایکسپریس سمیت تمام بند کی جانے والی ٹرینوں کو دوبارہ چلائے۔ ان خیالات کا اظہار امیر جماعت اسلامی میرپور خاص شکیل احمد ظہیم نے میرپور خاص ٹو حیدر آباد و کراچی روٹ پر چلنے والی مہران ٹرین سمیت دیگر ٹرینوں کی بندش کے خلاف اپنے بیان میں کیا۔ شکیل احمد ظہیم نے مذید کہا دنیا بھر میں سفری ترقی کی منازل کو طے کرتے ہوئے ٹرینوں کو جدید تیز رفتار اور سپر سانک ٹرینوں میں تبدیل کر دیا۔ جب کہ پاکستان میں ان ٹرینوں کو بند کر کے عوام سے آسان سفر کا حق چھینا جا رہا ہے۔ گذشتہ کئی دہائیوں سے اٹھارہ سے زائد ٹرینیں میرپوخاص سے چلا کرتی تھی جس سے محکمہ ریلوے کو روزانہ لاکھوں روپے ٹکٹوں کی صورت میں کمائی ہوتی تھی اور میرپوخاص کا سٹیشن ٹرینوں کا جنکشن اسٹیشن کہلاتا تھا ان ٹرینوں کی بندش سے میرپور خاص و قرب و جوار سے روزانہ ہزاروں شہری مہنگے ترین پبلک ٹرانسپورٹ کے ذریعے سفر کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں کہا کہ جماعت اسلامی میرپور خاص کے عوام کی آواز بن کر بند ٹرینوں کو دوبارہ چلانے کیلئے مرحلہ وار بڑی عوامی تحریک کا آغاز کر رہی ہے۔ محکمہ ریلوے اپنے ادارے کے کرپٹ اور کرپشن میں ملوث ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کے بجائے ٹرینوں کو بند کر کے شہریوں کو دوہرے عذاب میں مبتلا نہ کرے۔

رپورٹس کے مطابق درجہ حرارت بڑھنے کے ساتھ ہی بجلی کی بندش کا دورانیہ بھی طویل ہوتا جا رہا ہے

وفاقی دارالحکومت میں گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ

انرجی سکیورٹی ناگزیر

وزیراعظم شہباز شریف کے زیرِ صدارت انرجی سکیورٹی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک کی توانائی ضروریات، بچت اقدامات اور مستقبل کی حکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ علاقائی صورتحال میں توانائی کی بچت اور اِس حوالے سے بروقت کئے گئے اقدامات سے کوئی بحران پیدا نہیں ہوا، انرجی سکیورٹی اب ملک کی مجموعی منصوبہ بندی کا انتہائی اہم حصہ بن چکی ہے۔ اُنہوں نے ہدایت کی کہ مستقبل کی ضروریات کے پیشِ نظر خام تیل کے سٹریٹجک ذخائر قائم کرنے کے منصوبے پر تیزی سے کام کیا جائے۔ ماحول دوست پالیسیوں پر زور دیتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ ذرائع آمدورفت کو بتدریج برقی گاڑیوں (الیکٹرک وہیکلز) پر منتقل کیا جائے، آئندہ سرکاری استعمال کے لئے صرف الیکٹرک بسیں اور موٹر سائیکلیں ہی خریدی جائیں۔ اجلاس میں ای وی چارجنگ سٹیشنوں کے قیام کے عمل کو تیز کرنے، شمسی توانائی سے پیدا ہونے والی اضافی بجلی کے ذخیرے کے لئے بیٹریوں کی دستیابی آسان بنانے اور مقامی سطح پر اعلیٰ معیار کی بیٹریاں تیار کرنے کی ہدایات بھی جاری کی گئیں۔ دوران اجلاس بریفنگ میں بتایا گیا کہ نیشنل کوآرڈینیشن اینڈ مینجمنٹ کونسل روزانہ کی بنیاد پر صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے، ملک میں پٹرولیم مصنوعات کے وافر ذخائر موجود ہیں جبکہ غذائی سکیورٹی بھی مستحکم ہے۔ بریفنگ کے مطابق گرڈ کی سطح پر بیٹری سٹوریج کے لئے دو تجرباتی منصوبوں کا پی سی ون تیار کیا جا رہا ہے اور شمسی توانائی پیدا کرنے والے گھریلو صارفین کو بیٹری سٹوریج لگانے کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔

حالیہ امریکہ۔ایران جنگ نے دنیا کی توجہ ایک بار پھر توانائی کے بحران پر مرکوز کر دی ہے۔ آبنائے ہُرمز کی بندش نے دنیا کے کئی ممالک کو ہلا کر رکھ دیا ہے، بعض ترقی یافتہ ممالک کی معیشتیں بھی مشکلات کا شکار ہیں جبکہ کئی ممالک میں تیل اور گیس کی قلت شدت اختیار کر گئی ہے، قطر نے اپنی گیس کی پیداوار حملوں کے بعد روک دی ہے۔ آبنائے ہُرمز سے عالمی کھپت کا قریباً 20 فیصد تیل گزرتا ہے، اِس کی بندش کی وجہ سے تیل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، اِس وقت بھی تیل کی عالمی قیمت 100 ڈالر فی بیرل کے آس پاس ہے جو اِس جنگ سے پہلے 70 ڈالر کے قریب تھی۔ اِسی طرح گیس کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق اگر گیس کا حالیہ بحران جاری رہا تو چند ماہ بعد اشیائے خورد و نوش کی قلت ہو سکتی ہے کیونکہ فرٹیلائزر سیکٹر کا انحصار 70 فیصد کے قریب گیس پر ہے اور اِس سے اگلی فصلیں متاثر ہو سکتی ہیں۔ اِنہی حالات کے پیشِ نظر پاکستان کی خواہش ہے کہ امریکہ۔ایران کے درمیان معاہدہ ہو جائے۔ جنگ بندی میں توسیع ہو گئی ہے، ایرانی وزیر خارجہ پاکستان میں ہیں، امریکی وفد کے آنے کے امکانات ہیں۔ پاکستان کی بھرپور کوشش ہے کہ فریقین مذاکرات کی میز پر آ کر معاملات حل کریں۔ پہلے مرحلے کے بعد فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایران کا دورہ کیا تھا جس کے نتیجے میں ایران نے آبنائے ہُرمز کھولنے کا اعلان کیا تاہم امریکی ناکہ بندی ختم نہ ہونے کی وجہ سے ایران نے اسے دوبارہ بند کر دیا۔ بہت سے دوسرے معاملات کے ساتھ ساتھ اِس جنگ نے دنیا کو ایک سبق ضرور دیا کہ ہر طرح کے بحران کے لئے ہر ملک کو ہمہ وقت تیار رہنا چاہئے۔ بین الاقوامی معیار کے مطابق ہر ملک کو اپنی تین ماہ یعنی 90 دن کی ضروریات کے مطابق تیل کا ذخیرہ کرنے کی صلاحیت ہونا چاہئے لیکن پاکستان کے پاس یہ صلاحیت ایک ماہ سے بھی کم ہے۔ پاکستان نے اپنی تیل اور گیس کی ضروریات کو اب تک اچھی طرح سے سنبھالا ہے جس کی وجہ سے یہاں پیٹرول کی قلت نظر نہیں آئی، لیکن گیس کی قلت اب سر اُٹھا رہی ہے، بجلی کی لوڈ شیڈنگ بھی بڑھ رہی ہے۔ وزیراعظم نے اِسی وجہ سے انرجی سکیورٹی یقینی بنانے پر جلد اور تیز کام کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے شمسی توانائی اور اعلیٰ معیار کی مقامی بیٹریوں کی فراہمی یقینی بنانے پر بھی بات کی تاہم ضروری ہے کہ اُس کے لئے کوئی مربوط اور دیرپا پالیسی تشکیل دی جائے۔ یہاں ہر روز پالیسی بدلتی رہتی ہے، سی این جی کے معاملات سے لے کر اب شمسی توانائی میں بھی ایسا ہی ہو رہا ہے۔ دو روز قبل ہی نیپرا کی ایک رپورٹ سامنے آئی جس میں کہا گیا تھا کہ پاکستان کو 2035ء تک کم معاشی شرح نمو (52.3 فیصد) کی صورت 62 ہزار 657 میگا واٹ اور درمیانی شرح نمو (95.4 فیصد) کی صورت 66 ہزار 459 جبکہ بلند شرح نمو (37.6 فیصد) کے حصول کے لئے 70 ہزار 720 میگا واٹ بجلی کی ضرورت ہو گی۔ اِس وقت پاکستان میں صرف 29 ہزار میگا واٹ بجلی پیدا کی جا رہی ہے جبکہ اِس کی مجموعی صلاحیت لگ بھگ 46 ہزار میگا واٹ ہے، بلند معاشی شرح نمو کے لئے اِسے یقیناً بڑھانا پڑے گا تاہم سب سے زیادہ اہم یہی ہو گا کہ اِسے کیسے بڑھایا جائے، روایتی طریقوں سے بجلی کی پیداوار انتہائی مہنگی ہو چکی ہے، توانائی کے متبادل ذرائع بہتر نتائج دے سکتے ہیں۔

وزیراعظم نے شمسی توانائی کے فروغ اور گھروں میں بیٹری سسٹم کی ترویج پر زور دیا لیکن اُس کے لئے انتہائی ضروری ہے کہ آئندہ کم از کم 10 سال کے لئے نہ صرف ناقابلِ تبدیل پالیسی کا اعلان کیا جائے بلکہ عام صارف کو بینکوں سے آسان اقساط پر بلا سود یا انتہائی کم شرح سود پر قرض کی دستیابی سمیت دیگر سہولیات یقینی بنائی جائیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان گزشتہ سال شمسی توانائی سے 25 فیصد بجلی بنانے والا دنیا کا پہلا بڑا ملک بن چکا ہے۔ دنیا میں صرف 20 ملک سولر پینلز سے 25 فیصد بجلی بنا رہے ہیں جن میں سب سے زیادہ شمسی بجلی پاکستان میں بن رہی ہے۔ پاکستان 2030ء تک 60 فیصد بجلی کی سپلائی قابلِ تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کا ہدف رکھتا ہے تاہم اُس کے لئے ضروری ہو گا حکومت اُس طبقے کو بھی اِس میں اپنا حصہ ڈالنے کے قابل بنائے جو صاحبِ استطاعت نہیں ہے، وہ دیگر ذرائع سے نہ سہی لیکن شمسی توانائی سے بجلی ضرور بنا سکتا ہے۔ پاکستان جیسے ممالک کو توانائی کے روایتی ذرائع پر انحصار ختم کر کے اِس کے متبادل ذرائع ہی سے اپنی انرجی سکیورٹی کو یقینی بنانا چاہئے کیونکہ دنیا میں توانائی کے روایتی ذرائع کی قیمتیں دن بدن بڑھتی ہی چلی جا رہی ہیں جبکہ اِس کی ترسیل میں رکاوٹ بھی مسائل پیدا کر دیتی ہے۔ الیکٹرک وہیکل کا تمام تر دارومدار بھی بجلی ہی پر ہے، اُس کا فروغ بھی متبادل توانائی کے ذریعے ہی ممکن بنایا جا سکتا ہے، مہنگے ایندھن سے مہنگی بجلی بنا کر الیکٹرک وہیکل کا فروغ شاید ممکن نہ ہو پائے۔ اِس کے ساتھ ساتھ حکومت کو چاہئے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرے، اِس حوالے سے عوام دوست پالیسی بنائے نہ کہ ٹیکسز کی بھرمار کر کے ان کو مزید مشکلات میں دھکیل دے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

نیا منظر نامہ اور پاکستان

جاوید قاضی

ایران و امریکا کی جنگ نے مشرق وسطیٰ سمیت اس خطے اور دنیا کو تبدیل کر دیا ہے۔ اس تبدیلی کے بہت سے پہلو ہیں مگر سب سے اہم پہلو ہے توانائی اور اس کی رسد اور توانائی کے نئے ذرائع جو ایک نیا بیانیہ بن کر ابھرے ہیں۔ تیل کی اہمیت بہ حیثیت ایک توانائی کم ہو رہی ہے۔

اس ماڈرن دور میں الیکٹرک گاڑیوں کی اہمیت بڑھ رہی ہے، جو ہم نے بیس سال میں پندرہ سے چالیس ہزار میگا واٹ بجلی کی پیداوار کی، چین اتنے میگا واٹ بجلی ہر سال اپنی مجموعی پیداوار میں اضافہ کر رہا ہے۔

جاپان توانائی کی پیداوار میں وہ کارنامے سر انجام دے رہا ہے جس نے دنیا کو حیران کر دیا ہے۔ چین کی مجموعی توانائی کے استعمال میں تیل کا استعمال کم سے کم ہوتا جا رہا ہے اس لیے ایران و امریکا کی جنگ اور آبنائے ہرمز کی بندش کی سبب چین میں پٹرول کی قیمت میں اضافہ نہیں ہوا۔ ڈالر بہ حیثیت بین الاقوامی کرنسی، اس کی اڑان میں بھی کمی واقع ہوئی ہے۔

آہستہ آہستہ ڈالر کی اجارہ داری کم ہو رہی ہے۔ عرب امارات میں دبئی جیسے ممالک جن کو سرمایہ کاری کے حوالے سے بہترین ممالک سمجھا جاتا تھا اور جہاں ہم جیسے ممالک کی اشرافیہ اپنے کالے پیسے کو چھپا کر رکھتے تھے اور اس ملک کی کل آبادی 2002 تک محض پچیس لاکھ تک اور اب اس کی آبادی ایک کروڑ کے قریب ہے اور اس کا فنانشل کیپیٹل دنیا کے چند بڑے ممالک ہانگ کانگ، لندن اور نیویارک وغیرہ کی مارکیٹ میں استعمال ہوتا ہے۔

ایک بات ہمیں آج بھی سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ جب اور جیسے جیسے دبئی ابھر رہا تھا، کراچی کی اہمیت کم ہو رہی تھی، اس بات کے پیچھے کیا راز ہیں، اس کی اب تک پردہ داری ہے۔

آہستہ آہستہ گوادر کی اہمیت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ گوادر، پاکستان کا وہ حصہ ہے جو نہ صرف سینٹرل ایشیاء کو جوڑتا ہے بلکہ وہ کراچی سے بھی ملحق ہے۔

گوادر آبنائے ہرمز اور نہر سویز سے ہونے والی ایشیاء میں تجارت کے لیے بہترین ٹرانزٹ بن سکتا ہے۔ ایران و امریکا کی جنگ کے بعد گوادر میں کارگو کا تخمینہ حیران کن انداز میں بڑھ چکا ہے۔

دوسری طرف ایران اور پاکستان کے اعتماد کا رشتہ مضبوط ہو رہا ہے۔ ایران سے مضبوط تعلقات کی بناء پر ہم افغانستان کو بائی پاس کر کے ایران کے توسط سے سینٹرل ایشیاء تک پہنچ سکتے ہیں۔ جو ملک آبنائے ہرمز کی دہلیز پر ہے وہ پاکستان ہے اور جو ملک سمندر کو سینٹرل ایشیاء سے جوڑتا ہے وہ بھی پاکستان ہے۔ جو ملک سعودی عرب اور قطر کا دفاع کر سکتا ہے وہ پاکستان ہے۔

پاکستان کو یہ اندیشہ تھا کہ ایران و امریکا کی جنگ شاید اس ملک کو لے ڈوبے گی مگر سفارتی طور پر پاکستان نے اس جنگ بندی کے لیے بہترین کردار ادا کیا اور دنیا میں گرین پاسپورٹ کی اہمیت بڑھی۔

ایران و امریکی کی جنگ سے پہلے جو بھی جنگیں ہوئیں، ان کے معاشی اثرات دنیا پر اتنے گہرے نہ تھے۔ اس جنگ نے دنیا کی معاشی پوزیشن کو کمزور بنایا ہے۔ اس جنگ میں عراق اور صدام حسین جیسے معاملات نہیں ہوئے۔

آبنائے ہرمز کی بندش اور ایران کے عوام کا اپنی حکومت کے ساتھ کھڑا ہونا، ایران کی کامیابی کا باعث ہے اور یہی وجہ تھی کہ امریکا اپنی فوج، ایران نہیں بھیج سکا۔ اس جنگ کو ایران نے پورے مشرق وسطیٰ تک پھیلا دیا۔ جن ممالک میں امریکا کے دفاعی اڈے تھے وہاں ایران نے میزائل داغے۔

بلاسی کی جنگ میں جو مکاری کا کردار ایسٹ انڈیا کمپنی نے ادا کیا وہ ہی مکاری ہمیں ایران و امریکا کی جنگ بندی کے عمل میں نظر آئی۔ عالمی طور پر یہ سوچ پیدا ہوئی کہ امریکا جنگ بندی کے مذاکرات میں سنجیدہ نہیں ہے۔

امریکا نے دنیا میں جو اپنی حیثیت دکھائی صدر ٹرمپ کے بیان اس کے متضاد تھے۔ امریکی فوج کے جرنیل بھی صدر ٹرمپ کے بیانات کی نفی کرتے رہے۔

صدر ٹرمپ نے اپنے اس رویے کے باعث اپنی مقبولیت کا گراف انتہائی نیچے گرا دیا۔ نیتن یاہو کے بعد صدر ٹرمپ دوسرے نمبر پر دنیا کی ناپسندیدہ شخصیت بن گئے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے انسانی حقوق کو نقصان پہنچانے والی شخصیات کی لسٹ میں پیوٹن صاحب کو بھی شامل کر لیا ہے۔

ہر طرف جنگ کے بادل تھے اور دنیا امن کے لیے پریشان تھی۔ مارکیٹ فورسز بھی امن کے ساتھ کھڑی ہو گئیں۔ دنیا کی سپلائی چین متاثر ہوئی، دنیا بھر کی صنعتیں متاثر ہوئیں۔ بے روزگاری میں اضافہ ہوا۔ کھیتی باڑی متاثر ہوئی۔

یومیہ اجرت پر کام کرنے والے، صنعتی اداروں اور مزدور پیشہ لوگ سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔ بلواسطہ یا بلاواسطہ دنیا کی معیشت کمزور ہوئی۔ ایسے ممالک جو اس جنگ سے متاثر ہوئے ہیں ان کے لیے آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک امدادی پروگرام ترتیب دے رہی ہے۔

ایران و امریکا کی جنگ کے بعد اسرائیل کے ارادوں پر بھی پانی پھر گیا ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ اب پھیلاؤ کی طرف جا رہا ہے۔ ترکیہ اور مصر بھی پاکستان کے ساتھ نیٹو کے طرز کا اتحاد ترتیب دینے جا رہے ہیں۔

ہندوستان کو یہ گماں بھی نہیں تھا کہ پاکستان سفارتی طور پر اتنی کامیابی حاصل کر لے گا۔ اب اگر ہندوستان مقبوضہ کشمیر میں دہشت گردی کر کے اس کا الزام پاکستان پر لادنے کا سوچے گا اور پاکستان پر حملہ کرے گا تو ایسا

بھارت اور اسرائیل پاکستان کی ثالثی سے کیوں خوفزدہ ہیں؟

عثمان دموہی

مشرق وسطیٰ کی جنگ پوری دنیا کے لیے وبالِ جان بن چکی ہے۔ اس جنگ نے نہ صرف اہم ہوائی و بحری راستوں کو بند کر دیا ہے بلکہ تیل اور گیس کے بغیر دنیا بھر کی صنعتی و معاشی سرگرمیاں ماند پڑ گئی ہیں۔ جہاں اس نے صنعتوں کا پہیہ جام کر دیا ہے وہاں عام لوگوں کی گھریلو زندگی کو بھی مشکل بنا دیا ہے۔

ایک وقت تھا جب لوگ کوئلہ، لکڑی اور گوبر کی پاتھیوں جیسی چیزوں سے چولہے جلاتے اور کھانا پکاتے تھے اور سرسوں و مکئی وغیرہ کے تیل سے رات کو روشنی کے لیے چراغ روشن کیا کرتے تھے مگر اب پٹرول اور گیس جیسی نعمتوں کی دریافت کے بعد صنعتیں اور عوام بجلی اور گیس جیسی سہولتوں سے مستفید ہو رہے ہیں بلکہ موٹر سائیکلوں، کاروں، بسوں، ٹرینوں اور ہوائی جہازوں کے ذریعے طویل سفر آسانی سے کر رہے ہیں۔

تیل اور گیس تو اب بھی قدرت کے خزانوں میں بھرا پڑا ہے مگر کچھ ممالک اپنی طاقت کے بل پر تیل و گیس کی عالمی ترسیل میں جنگوں کے ذریعے رکاوٹ ڈال رہے ہیں۔ قدرت نے بڑی فیاضی سے مشرق وسطیٰ کے ممالک میں تیل اور گیس کے وافر ذخائر کا انتظام کر دیا ہے جن سے دنیا کے تمام ہی ممالک گزشتہ ایک صدی سے مستفیض ہو رہے ہیں مگر اب مشرق وسطیٰ کے جن ممالک میں تیل اور گیس کے وافر ذخائر موجود ہیں خوفناک قسم کی جنگ کی لپیٹ میں آ چکے ہیں۔

اسرائیل اور امریکا نے مل کر ایران پر حملہ کر کے اس خطے کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ چالیس دن کی جنگ کے بعد جنگ بندی ضرور ہوئی ہے مگر پہلے دور کے مذاکرات جو اسلام آباد میں منعقد ہوئے تھے ناکام رہے ہیں اب دوسرے دور کے مذاکرات تعطل کا شکار نظر آتے ہیں۔

بدقسمتی سے مشرق وسطیٰ میں ایک ایسا ملک بھی واقع ہے جس نے اپنی توسیع پسندانہ پالیسیوں کے تحت پورے مشرق وسطیٰ کے امن کو تقریباً نصف صدی سے تہہ و بالا کر رکھا ہے۔

دوسری جنگ عظیم سے قبل وہ ایک بے وطن قوم تھی جو دنیا کے مختلف ممالک میں بکھری ہوئی تھی۔ یہ قوم جسے یہودی کہا جاتا ہے اپنی نافرمانیوں کی وجہ سے دنیا میں ہمیشہ بے توقیر اور بے وطن رہی ہے مگر یہ ایسی قوم ہے جسے مال و دولت کی فراوانی کے باوجود دنیا میں اچھائی کے مظہر کے طور پر نہیں دیکھا جاتا۔

دوسری جنگ عظیم میں جرمنی کے خلاف مغربی اتحادی ممالک کے لیے مخبری اور جرمنی سے غداری کرنے کے صلے میں جنگ کے فاتح برطانیہ اور امریکا نے انھیں انعام کے طور پر فلسطینیوں کی سرزمین پر زبردستی آباد کر دیا تھا۔

مغربی ممالک انھیں اس لیے بھی خوش کرنا چاہتے تھے کہ وہ مال دار یہودیوں سے اپنی ضرورت کا سرمایہ حاصل کرتے رہتے تھے۔ گو یہ بہت مال دار قوم ہے مگر ان کی ساری دولت ناجائز طریقوں سے حاصل کی گئی ہے۔

یہ مشرق وسطیٰ میں آباد ہونے کے بعد بہت جلد پورے خطے پر قبضہ جمانے کے خواب دیکھنے لگے کیونکہ ان کے اذہان سے اب بھی قدیم گریٹر اسرائیل کا تصور ختم نہیں ہوا ہے۔ انھوں نے اپنے ملک اسرائیل کو خطے کا طاقتور ترین ملک بنا کر پورے مشرق وسطیٰ پر قبضہ کرنے کے لیے 1967 میں واقعی ایک بڑی جنگ چھیڑ دی تھی جس میں انھوں نے اردن اور شام کے کئی علاقوں پر قبضہ کر لیا تھا۔

یہ علاقے اب بھی اسرائیل کے قبضے میں ہیں، انھیں لاکھ کوششوں کے بعد بھی اسرائیل سے خالی نہیں کرایا جا سکا۔ اس لیے کہ ان کی طاقت کا سرچشمہ امریکا ہے جس کی اجازت سے یہ آج ایک ایٹمی ملک بھی بن چکا ہے مگر اس کا ایٹم بم غیر اعلان شدہ ہے جس پر کوئی روک ٹوک نہیں ہے، وہ خطے میں ناقابل تسخیر ہے۔

1973 میں اس نے مصر کے علاقے سینائی پر بھی قبضہ کر لیا تھا مگر بعد میں امریکی دباؤ پر خالی کرنا پڑا تھا۔ بہرحال اس وقت اسرائیل اپنی فوجی طاقت اور امریکی آشیرباد سے منہ زور ہو چکا ہے وہ عربوں کی سرزمین پر قبضہ کرنا چاہتا ہے مگر ایران اس کی اس خواہش کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

وہ ایران کے جوہری منصوبے سے خوفزدہ ہے جسے ہر صورت ختم کرانا چاہتا ہے گو کہ ایران خود کہہ چکا ہے کہ وہ یورینیم افزودہ کر کے اس سے فوجی نہیں سماجی کام کرنا چاہتا ہے مگر اسرائیل کو ڈر ہے کہ وہ اس کی آڑ میں ایٹم بم بھی بنا سکتا ہے چنانچہ امریکا ایران کو ایٹم بم بنانے سے دور رکھنا چاہتا ہے اور محض اسی سلسلے میں اس نے ایران پر ایک بڑا حملہ کر کے اس کے ایٹمی پلانٹ کو تباہ کر دیا ہے۔

اب امریکا ایران سے تباہ حالت میں پڑی افزودہ یورینیم کو بھی خود حاصل کرنا چاہتا ہے مگر ایران اس کے لیے تیار نہیں اس کے بعد امریکا اور اسرائیل نے ایران کو مذاکرات میں الجھا کر ایران پر حملہ کر دیا، یہ حملہ مسلسل ایک ماہ سے زیادہ عرصے تک جاری رہا جس سے خود امریکا اور اسرائیل کی فوجی طاقت کی کمزوری دنیا کے سامنے آشکار ہو چکی ہے۔

اب جیسے تیسے جنگ رکی ہے مگر مذاکرات کا پہلا مرحلہ ناکام رہا ہے چنانچہ دوسرے مرحلے کے مذاکرات سے پہلے امریکا نے ایران کی بحری ناکہ بندی کر دی تاکہ کوئی اس کا جہاز ایران تک ہی نہ پہنچ سکے۔ وہ ایک ایرانی جہاز کو نقصان پہنچا کر اسے اپنے قبضے میں لے چکا ہے۔

اب ایران نے دوسرے دور کے مذاکرات میں شرکت کرنے کے لیے یہ شرط رکھی ہے کہ وہ پہلے ایران کی بحری ناکہ بندی ختم کرے، تب ہی مذاکرات ممکن ہو سکتے ہیں۔ ٹرمپ ایران کے مطالبے کا خیال کرنے کے بجائے اسے مسلسل تباہ کرنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔

ان مذاکرات کے اسلام آباد میں انعقاد کے اسرائیل اور بھارت مخالف تھے چنانچہ لگتا ہے، وہ اس سلسلے میں روڑے اٹکا رہے ہیں۔ کچھ مبصرین کہہ رہے ہیں کہ ٹرمپ ایک کاروباری آدمی ہیں، وہ اپنے کاروباری منافع کے لیے صدر کے عہدے کو استعمال کر رہے ہیں۔ا

ب ایران سے وہ معاہدہ کریں یا نہ کریں مگر امریکی عوام ان کے خلاف ہو گئے ہیں اور کچھ امریکی سینیٹرز ان کے مواخذے کا بھی مطالبہ کر رہے ہیں اور اگر ایسا ہوا تو ایران کو ضرور فائدہ ہوگا۔ جہاں تک پاکستان کی بات ہے تو وہ بحیثیت ثالث کامیاب ہی رہا ہے اور اس نے خود کو دنیا میں ایک امن پسند قوم ثابت کر دیا ہے۔

مشرق وسطیٰ کی جنگ پوری دنیا کے لیے وبالِ جان بن چکی ہے۔ اس جنگ نے نہ صرف اہم ہوائی و بحری راستوں کو بند کر دیا ہے بلکہ تیل اور گیس کے بغیر دنیا بھر کی صنعتی و معاشی سرگرمیاں ماند پڑ گئی ہیں۔ جہاں اس نے صنعتوں کا پہیہ جام کر دیا ہے وہاں عام لوگوں کی گھریلو زندگی کو بھی مشکل بنا دیا ہے۔

ایک وقت تھا جب لوگ کوئلہ، لکڑی اور گوبر کی پاتھیوں جیسی چیزوں سے چولہے جلاتے اور کھانا پکاتے تھے اور سرسوں و مکئی وغیرہ کے تیل سے رات کو روشنی کے لیے چراغ روشن کیا کرتے تھے مگر اب پٹرول اور گیس جیسی نعمتوں کی دریافت کے بعد صنعتیں اور عوام بجلی اور گیس جیسی سہولتوں سے مستفید ہو رہے ہیں بلکہ موٹر سائیکلوں، کاروں، بسوں، ٹرینوں اور ہوائی جہازوں کے ذریعے طویل سفر آسانی سے کر رہے ہیں۔

تیل اور گیس تو اب بھی قدرت کے خزانوں میں بھرا پڑا ہے مگر کچھ ممالک اپنی طاقت کے بل پر تیل و گیس کی عالمی ترسیل میں جنگوں کے ذریعے رکاوٹ ڈال رہے ہیں۔ قدرت نے بڑی فیاضی سے مشرق وسطیٰ کے ممالک میں تیل اور گیس کے وافر ذخائر کا انتظام کر دیا ہے جن سے دنیا کے تمام ہی ممالک گزشتہ ایک صدی سے مستفیض ہو رہے ہیں مگر اب مشرق وسطیٰ کے جن ممالک میں تیل اور گیس کے وافر ذخائر موجود ہیں خوفناک قسم کی جنگ کی لپیٹ میں آ چکے ہیں۔

اسرائیل اور امریکا نے مل کر ایران پر حملہ کر کے اس خطے کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ چالیس دن کی جنگ کے بعد جنگ بندی ضرور ہوئی ہے مگر پہلے دور کے مذاکرات جو اسلام آباد میں منعقد ہوئے تھے ناکام رہے ہیں اب دوسرے دور کے مذاکرات تعطل کا شکار نظر آتے ہیں۔

بدقسمتی سے مشرق وسطیٰ میں ایک ایسا ملک بھی واقع ہے جس نے اپنی توسیع پسندانہ پالیسیوں کے تحت پورے مشرق وسطیٰ کے امن کو تقریباً نصف صدی سے تہہ و بالا کر رکھا ہے۔

دوسری جنگ عظیم سے قبل وہ ایک بے وطن قوم تھی جو دنیا کے مختلف ممالک میں بکھری ہوئی تھی۔ یہ قوم جسے یہودی کہا جاتا ہے اپنی نافرمانیوں کی وجہ سے دنیا میں ہمیشہ بے توقیر اور بے وطن رہی ہے مگر یہ ایسی قوم ہے جسے مال و دولت کی فراوانی کے باوجود دنیا میں اچھائی کے مظہر کے طور پر نہیں دیکھا جاتا۔

دوسری جنگ عظیم میں جرمنی کے خلاف مغربی اتحادی ممالک کے لیے مخبری اور جرمنی سے غداری کرنے کے صلے میں جنگ کے فاتح برطانیہ اور امریکا نے انھیں انعام کے طور پر فلسطینیوں کی سرزمین پر زبردستی آباد کر دیا تھا۔

مغربی ممالک انھیں اس لیے بھی خوش کرنا چاہتے تھے کہ وہ مال دار یہودیوں سے اپنی ضرورت کا سرمایہ حاصل کرتے رہتے تھے۔ گو یہ بہت مال دار قوم ہے مگر ان کی ساری دولت ناجائز طریقوں سے حاصل کی گئی ہے۔

یہ مشرق وسطیٰ میں آباد ہونے کے بعد بہت جلد پورے خطے پر قبضہ جمانے کے خواب دیکھنے لگے کیونکہ ان کے اذہان سے اب بھی قدیم گریٹر اسرائیل کا تصور ختم نہیں ہوا ہے۔ انھوں نے اپنے ملک اسرائیل کو خطے کا طاقتور ترین ملک بنا کر پورے مشرق وسطیٰ پر قبضہ کرنے کے لیے 1967 میں واقعی ایک بڑی جنگ چھیڑ دی تھی جس میں انھوں نے اردن اور شام کے کئی علاقوں پر قبضہ کر لیا تھا۔

یہ علاقے اب بھی اسرائیل کے قبضے میں ہیں، انھیں لاکھ کوششوں کے بعد بھی اسرائیل سے خالی نہیں کرایا جا سکا۔ اس لیے کہ ان کی طاقت کا سرچشمہ امریکا ہے جس کی اجازت سے یہ آج ایک ایٹمی ملک بھی بن چکا ہے مگر اس کا ایٹم بم غیر اعلان شدہ ہے جس پر کوئی روک ٹوک نہیں ہے، وہ خطے میں ناقابل تسخیر ہے۔

1973 میں اس نے مصر کے علاقے سینائی پر بھی قبضہ کر لیا تھا مگر بعد میں امریکی دباؤ پر خالی کرنا پڑا تھا۔ بہرحال اس وقت اسرائیل اپنی فوجی طاقت اور امریکی آشیرباد سے منہ زور ہو چکا ہے وہ عربوں کی سرزمین پر قبضہ کرنا چاہتا ہے مگر ایران اس کی اس خواہش کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

وہ ایران کے جوہری منصوبے سے خوفزدہ ہے جسے ہر صورت ختم کرانا چاہتا ہے گو کہ ایران خود کہہ چکا ہے کہ وہ یورینیم افزودہ کر کے اس سے فوجی نہیں سماجی کام کرنا چاہتا ہے مگر اسرائیل کو ڈر ہے کہ وہ اس کی آڑ میں ایٹم بم بھی بنا سکتا ہے چنانچہ امریکا ایران کو ایٹم بم بنانے سے دور رکھنا چاہتا ہے اور محض اسی سلسلے میں اس نے ایران پر ایک بڑا حملہ کر کے اس کے ایٹمی پلانٹ کو تباہ کر دیا ہے۔

اب امریکا ایران سے تباہ حالت میں پڑی افزودہ یورینیم کو بھی خود حاصل کرنا چاہتا ہے مگر ایران اس کے لیے تیار نہیں اس کے بعد امریکا اور اسرائیل نے ایران کو مذاکرات میں الجھا کر ایران پر حملہ کر دیا، یہ حملہ مسلسل ایک ماہ سے زیادہ عرصے تک جاری رہا جس سے خود امریکا اور اسرائیل کی فوجی طاقت کی کمزوری دنیا کے سامنے آشکار ہو چکی ہے۔

اب جیسے تیسے جنگ رکی ہے مگر مذاکرات کا پہلا مرحلہ ناکام رہا ہے چنانچہ دوسرے مرحلے کے مذاکرات سے پہلے امریکا نے ایران کی بحری ناکہ بندی کر دی تاکہ کوئی اس کا جہاز ایران تک ہی نہ پہنچ سکے۔ وہ ایک ایرانی جہاز کو نقصان پہنچا کر اسے اپنے قبضے میں لے چکا ہے۔

اب ایران نے دوسرے دور کے مذاکرات میں شرکت کرنے کے لیے یہ شرط رکھی ہے کہ وہ پہلے ایران کی بحری ناکہ بندی ختم کرے، تب ہی مذاکرات ممکن ہو سکتے ہیں۔ ٹرمپ ایران کے مطالبے کا خیال کرنے کے بجائے اسے مسلسل تباہ کرنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔

ان مذاکرات کے اسلام آباد میں انعقاد کے اسرائیل اور بھارت مخالف تھے چنانچہ لگتا ہے، وہ اس سلسلے میں روڑے اٹکا رہے ہیں۔ کچھ مبصرین کہہ رہے ہیں کہ ٹرمپ ایک کاروباری آدمی ہیں، وہ اپنے کاروباری منافع کے لیے صدر کے عہدے کو استعمال کر رہے ہیں۔ا

ب ایران سے وہ معاہدہ کریں یا نہ کریں مگر امریکی عوام ان کے خلاف ہو گئے ہیں اور کچھ امریکی سینیٹرز ان کے مواخذے کا بھی مطالبہ کر رہے ہیں اور اگر ایسا ہوا تو ایران کو ضرور فائدہ ہوگا۔ جہاں تک پاکستان کی بات ہے تو وہ بحیثیت ثالث کامیاب ہی رہا ہے اور اس نے خود کو دنیا میں ایک امن پسند قوم ثابت کر دیا ہے۔

زمین کا دن اور بارود کی بو

زاہدہ حناء

بائیس اپریل کو دنیا بھر میں زمین کا دن منایا جاتا ہے۔ یہ وہ دن ہے جب ہم درخت لگانے کی بات کرتے ہیں، دریاؤں کی صفائی کا عہد کرتے ہیں، فضاؤں میں گھلتے زہر کے خلاف آواز اٹھاتے ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک محفوظ، سرسبز اور قابلِ رہائش دنیا کا خواب دیکھتے ہیں۔

یہ روایت ایس سوسٹر میں امریکا سے شروع ہوئی تھی جب چند باشعور لوگوں نے یہ محسوس کیا کہ صنعتی ترقی کی اندھی دوڑ نے انسان اور فطرت کے درمیان رشتہ کمزور کر دیا ہے۔ اس دن کی بنیاد دراصل ایک احتجاج تھی، ایک سوال تھا، ایک چیخ تھی کہ کیا ترقی کی قیمت زمین کی بربادی ہو سکتی ہے۔

آج، نصف صدی سے زیادہ گزرنے کے بعد، یہ دن ایک عالمی تحریک بن چکا ہے۔ لاکھوں نہیں، کروڑوں لوگ اس میں حصہ لیتے ہیں۔ اسکولوں میں بچے پودے لگاتے ہیں، یونیورسٹیوں میں سیمینار ہوتے ہیں، حکومتیں وعدے کرتی ہیں، کارپوریٹ ادارے سبز پالیسیوں کی بات کرتے ہیں، مگر ان سب کے بیچ ایک سوال بار بار ذہن کے دریچوں پر دستک دیتا ہے، کیا یہ سب محض ایک دن کا تماشا ہے؟ کیا ہم واقعی زمین کو بچانے کے لیے سنجیدہ ہیں یا یہ سب ایک خوبصورت دھوکہ ہے جو ہم خود کو دیتے ہیں۔

یہ سوال اس لیے اور بھی کربناک ہو جاتا ہے جب ہم اس زمین پر بارود کی بو محسوس کرتے ہیں۔ وہی زمین جسے ہم بچانے کا عہد کرتے ہیں، اس پر جنگ کی آگ بھڑک رہی ہے۔ وہی فضا جسے ہم صاف دیکھنا چاہتے ہیں، اس میں دھماک

پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف سینئر صبا فیصل نے شوہروں پر شک کرنے والی بیویوں کو مشورہ دیدیا

بیوی کو اتنا مضبوط ہونا چاہیے کہ دوسری عورت اس کے شوہر کی جانب متوجہ نہ ہو، صبا فیصل

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف سینئر اداکارہ صبا فیصل کا کہنا ہے کہ بیوی کو اتنا مضبوط ہونا چاہیے کہ کوئی دوسری عورت اس کے شوہر جانب متوجہ نہ ہو۔ حال ہی میں صبا فیصل نے ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنے شوہر کے دفتر سے جڑا ایک دلچسپ واقعہ اور مردوں کے رویوں سے متعلق گفتگو کی۔ اپنے شوہر کی معیدہ اح کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے صبا فیصل نے کہا کہ تقریباً 25 سال قبل میں اپنے شوہر کو لینے ان کے دفتر گئی اور ریسپشنسٹ سے کہا کہ انہیں بلا دیں، ریسپشنسٹ نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ جس پر میں نے جواب دیا کہ میں مسز فیصل ہوں۔

کپل شرما شو میں میری شمولیت نے اداکاری کے کیریئر پر منفی اثر ڈالا، اداکارہ ارچنا پورن سنگھ

میں نے ماضی میں کچھ کچھ ہوتا ہے، دے دھنا دھن اور بول بچن جیسی فلموں میں معاون کردار ادا کیے ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ ارچنا پورن سنگھ نے اپنے کیریئر سے متعلق انکشاف کیا ہے کہ مقبول ٹی وی شو دی کپل شرما شو میں میری شمولیت نے اداکاری کے کیریئر پر منفی اثر ڈالا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ چار دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط کیریئر کے باوجود فلم ساز اب بھی مجھے ایک سنجیدہ اداکارہ کے طور پر قبول کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگ مجھے صرف ایک ایسی شخصیت کے طور پر دیکھتے ہیں جو کرسی پر بیٹھ کر ہنستی ہے، جس کی وجہ سے مجھے اہم اداکاری کے مواقع نہیں مل رہے۔ ارچنا پورن سنگھ نے مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں بار بار کوشش کے باوجود فلم سازوں کو قائل نہیں کر پا رہی کہ میں ایک سنجیدہ اداکارہ ہوں۔ اداکارہ نے بتایا کہ میں نے ماضی میں کچھ کچھ ہوتا ہے، دے دھنا دھن اور بول بچن جیسی فلموں میں معاون کردار ادا کیے ہیں۔

83 برس کی عمر میں کام کرنا زندگی کا جوہر ہے، امیتابھ بچن

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن نے کہا ہے کہ 83 برس کی عمر میں بھی کام کرنا زندگی کا جوہر ہے۔ اپنے بلاگ امیتابھ نے لکھا کہ اس عمر میں اور اس جسمانی طاقت کے ساتھ کام کرنا سب سے اہم ہے اور وہ اسے زندگی کا جوہر سمجھتے ہیں۔ 83 سالہ اداکار نے کہا کہ کام ہی زندگی کی اصل روح ہے، چاہے وہ تخلیقی ہو یا جسمانی اور انسان کو آگے بڑھنے کے لیے مسلسل مصروف رہنا چاہیے۔ امیتابھ نے مزید کہا کہ صبح کے اوقات تخلیقی سوچ کے لیے بہترین ہیں، لیکن ان کے نزدیک اصل چیز کام ہے۔ انہوں نے لکھا، کام زندگی کا جوہر ہے، اس جسم پر کام اس عمر میں سب سے اہم ہے۔ اس سے قبل فروری میں بھی انہوں نے کہا تھا کہ وہ کام کرتے رہیں گے جب تک کر سکتے ہیں، کیونکہ کام نہ ہونے سے منفی احساسات جنم لیتے ہیں۔

معروف ادیب، افسانہ نگار اے حمید کی برسی 29 اپریل کو منائی جائیگی

اے حمید کا پہلا افسانہ منزل منزل ادب لطیف میں 1948 میں شائع ہوا تھا

لاہور (این این آئی) معروف ادیب افسانہ نگار اے حمید کی برسی 15ویں برسی 29 اپریل کو منائی جائے گی۔ اے حمید 25 اگست 1928 کو امرتسر میں پیدا ہوئے اور قیام پاکستان کے بعد اپنے خاندان سمیت ہجرت کرکے لاہور میں رہائش اختیار کر لی۔ اے حمید کا پہلا افسانہ منزل منزل ادب لطیف میں 1948 میں شائع ہوا تھا۔ ان کے افسانوں کا پہلا مجموعہ منزل منزل بعد مقبول ہوا جو ان کی رومانوی افسانہ نگار کے طور پر پہچان بن گیا۔ انہوں نے افسانہ نویسی کے علاوہ ایک عرصہ تک مختلف اخبارات میں باقاعدہ کالم نویسی بھی کی، ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے لیے بہت سے پروگرام لکھے جو بے حد مقبول ہوئے۔ انہوں نے بچوں کے لیے بھی امبر ناگ، مارو پیریز کے سو سے زیادہ ناول تحریر کیے۔ 1990 کی دہائی میں انہوں نے پاکستان ٹیلی وژن کے لیے بچوں کا مشہور سیریل عینک والا جن تحریر کیا جو بے حد مقبول ہوا۔ حکومت پاکستان نے 1997 میں ان کے فن کے اعتراف کے طور پر انہیں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے نوازا گیا۔ اے حمید 29 اپریل 2011 کو 83 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔

شاہ رخ کی منیجر پوجا گرنانی اور فیملی نے تین مہنگے اپارٹمنٹس خرید لیے

پوجا گرنانی کی جانب سے خریدے گئے اپارٹمنٹس 38.21 کروڑ روپے میں خریدے گئے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان کی منیجر پوجا گرنانی اور ان کے خاندان نے ممبئی کے علاقے باندرہ میں تین اپارٹمنٹس 38 کروڑ 21 روپے میں خریدے ہیں۔ بھارتی میڈیا نے پراپرٹی دستاویزات کی رجسٹریشن تک رسائی کے حوالے سے بتایا کہ پوجا ان کے شوہر ہتیش پرکاش گرنانی، والد موہن سیوارام داداوانی کے نام پر یہ اپارٹمنٹس 38.21 کروڑ روپے میں خریدے گئے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق یہ اپارٹمنٹس کارٹر روڈ پر واقع ورون بلڈنگ میں ہیں اور انکی ری ڈیولپمنٹ جاری ہے، لوٹس ڈیولپرز کے شریک کارٹر انکلیو ریئل اسٹیٹ لمیٹڈ سے خریدے گئے یہ یونٹس ہائر فلور پر ہیں۔ ہر اپارٹمنٹ کا کارپٹ ایریا 1,511.15 مربع فٹ جبکہ 81.16 مربع فٹ کی بالکونی بھی شامل ہے۔ اس طرح تینوں اپارٹمنٹس کا مجموعی رقبہ 4,776 مربع فٹ بنتا ہے۔ ان اپارٹمنٹس کو 21 اپریل 2026 کو رجسٹر کیا گیا، جس پر 2.16 کروڑ بطور اسٹامپ ڈیوٹی اور 90,000 روپے رجسٹریشن فیس ادا کی گئی۔ ان کے ساتھ کل چھ کار پارکنگ اسپیس بھی شامل ہیں۔

نامور مزاحیہ اداکار منور ظریف کی برسی 29 اپریل کو منائی جائیگی

رنگیلا اور منور ظریف کی جوڑی فلموں میں کامیابی کی ضمانت بن گئی انہیں کامیڈین ہیرو کا خطاب بھی ملا

اسلام آباد (این این آئی) فلم انڈسٹری کے نامور مزاحیہ اداکار منور ظریف کی برسی 29 اپریل کو منائی جائے گی۔ منور ظریف 2 فروری 1940 کو گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے وہ معروف کامیڈین ظریف کے بھائی تھے۔ انہوں نے اپنے فلمی کیریئر میں 300 سے زائد اردو اور پنجابی فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔ ان کی مشہور فلموں میں بنارسی ٹھگ، چیرا بلیڈ، موج میلہ، شوقین میلے دی، منجی کتھے ڈاہواں، دامن اور چنگاری، چکر باز، ہمراہی، بدتمیز، نوکر دو بھی دا وغیرہ شامل ہیں۔ انہوں نے معروف اداکار رنگیلا کے ساتھ جوڑی بنائی اور پرستاروں کے دلوں میں گھر کر لیا۔ رنگیلا اور منور ظریف کی جوڑی فلموں میں کامیابی کی ضمانت بن گئی انہیں کامیڈین ہیرو کا خطاب بھی ملا۔ منور ظریف نے 36 سال عمر پائی اور 29 اپریل 1976 کو لاہور میں انتقال کر گئے تھے۔ منور ظریف مرحوم کی برسی کے موقع پر مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا اور ان کی خدمات کے اعتراف میں ان کے مداح خراج تحسین پیش کریں گے۔

حرا اور ارسلان خان کی ڈانس ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین کی تنقید

سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے وائرل ویڈیو پر حرا خان کے لباس کی وجہ سے تنقید کی جارہی ہے

کراچی (این این آئی) اداکار جوڑی حرا خان اور ارسلان خان کی نئی ڈانس ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تنقید کی جارہی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حرا خان اور ارسلان خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی ایک نئی ویڈیو شیئر کی ہے جو کہ وائرل ہو گئی ہے۔ انہوں نے ویڈیو کو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا ہے کہ گرمیوں کا آغاز ہونے دیں۔ وائرل ویڈیو میں حرا اور ارسلان سمندر کنارے ہٹ میں بالی وڈ کے گانے میں ناچ رہے ہیں جب تک تو بولے جب تک پر ڈانس کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے وائرل ویڈیو پر حرا خان کے لباس کی وجہ سے تنقید کی جارہی ہے۔ ارسلان خان نے حرا خان کے لباس پر تنقید کرنے والی صارف کو جواب دیتے ہوئے لکھا ہے کہ غیرت والے لباس کیلئے جیس ٹی وی ڈاون لوڈ کرلیں، یہاں کیا کر رہی ہیں۔ اداکار نے شوبز میں کام نہ ملنے پر ڈانس ویڈیوز بنانے کے حوالے سے کھٹ کرنے والے صارف کو جواب دیتے ہوئے لکھا کہ محنت کر حسد نہ کر۔

بھارتی اداکارہ دیویانکا سیروہی کی اچانک موت کے بعد معنی خیز پوسٹ وائرل

ممبئی (این این آئی) بھارتی ریاست ہریانہ کی معروف اداکارہ اور سوشل میڈیا انفلوئنسر دیویانکا سیروہی 30 سال کی عمر میں اچانک چل بسیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق دیویانکا سیروہی کی اچانک طبیعت خراب ہونے پر انہیں قریبی اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔ صحت مند اور تندرست دیویانکا سیروہی کی جہاں اچانک موت پر متعدد سوالات اٹھ رہے ہیں وہیں بھارتی میڈیا پر ان کی ایک پوسٹ بھی وائرل ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دیویانکا کے انتقال کے بعد جون 2023 کی ایک پرانی سوشل میڈیا پر وائرل پوسٹ میں انہوں نے اپنی ایک تصویر کے ساتھ لکھا تھا شیو مجھے اپنے ساتھ لے چلو۔ اس پوسٹ پر بھارتی میڈیا اور اداکارہ کے مداح اپنی اپنی رائے کا اظہار کر رہے ہیں۔

یوٹیوب ٹی وی سے بڑا پلیٹ فارم، فرح خان کے باورچی نے بھی اپنا گھر بنالیا

ممبئی (این این آئی) کورونا وبا نے ناظرین کے مواد دیکھنے کے انداز کو بدل دیا۔ ٹی وی سے زیادہ لوگ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی طرف متوجہ ہوئے اور یوٹیوب نے غیر معمولی ترقی کی۔ اس تبدیلی نے فنکاروں کو اپنے مداحوں کے قریب کر دیا۔ ٹی وی اور فلمی شخصیات نے یوٹیوب چینلز شروع کیے، جہاں وہ اپنی روزمرہ زندگی، پردے کے پیچھے کے لمحات اور مختلف پروگرامز براہ راست شیئر کرتے ہیں۔ بھارتی اداکارہ فرح خان نے اعتراف کیا کہ وہ یوٹیوب سے اپنی بطور ڈائریکٹر اور کوریوگرافر کیریئر سے زیادہ کماتی ہیں۔ ان کے باورچی دلیپ کی آمدنی بھی یوٹیوب سے اتنی بڑھی کہ وہ اپنے گاؤں میں گھر بنا سکے اور بچوں کو انگلش میڈیم اسکول میں داخل کروا سکے۔ یوٹیوب کی کمائی کا نظام CPM (Cost Per Mille) پر مبنی ہے، یعنی ہر 1000 ایڈ امپریشن پر اشتہارات کی ادائیگی۔

اداکارہ میرا کا شادی سے متعلق سوال پر حیران کن جواب

میں شادی کے لیے تیار ہوں لیکن کوئی رشتہ نہیں ہے، اگر آپ لے آئیں تو میں تیار ہوں

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نے اپنی شادی سے متعلق سوال پر دلچسپ جواب دے کر سب کو حیران کر دیا۔ میرا ان دنوں اپنی آنے والی فلم سائیکو کی تشہیر میں مصروف ہیں، یہ فلم عید الاضحیٰ 2026 پر نمائش کے لیے پیش کی جائے گی، جس میں شان شاہد مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں جبکہ دیگر کاسٹ میں سونیا حسین بھی شامل ہیں۔ فلم کی کہانی اور ہدایت کاری بھی شان شاہد نے کی ہے جبکہ میرا اس فلم میں ایک سائیکو پیتھ کردار نبھا رہی ہیں، فلم کو جیو فلمز کے اشتراک سے پیش کیا جا رہا ہے۔ حال ہی میں فلم کی تشہیر کے سلسلے میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس کے دوران میرا سے ان کی شادی سے متعلق سوال کیا گیا۔ ایک رپورٹر کے ہلکے پھلکے انداز میں کیے گئے سوال پر کہا کہ تو کافی وقت ہو گیا ہے۔

اپنی او ٹی ٹی ڈیبیو سیریز کیلئے طویل عرصے سے قائم 'نوکس رول توڑنا پڑا'، کاجول

یہ فیصلہ کردار کی ضرورت کے مطابق تھا، نہ کہ ذاتی خواہش کے تحت اور کہانی کا اہم حصہ تھا

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم انڈسٹری کی اداکارہ کاجول نے کہا ہے کہ اپنی او ٹی ٹی ڈیبیو سیریز کیلئے طویل عرصے سے قائم نوکس رول توڑنا پڑا۔ ایک انٹرویو میں کاجول نے بتایا کہ میں اپنے کیریئر کے آغاز سے اس اصول پر قائم تھی کہ سکرین پر ایسے مناظر نہیں دوں گی جو اپنی او ٹی ٹی ڈیبیو سیریز میں نوکس اصول توڑنا پڑا۔ کاجول نے کہا کہ یہ فیصلہ کردار کی ضرورت کے مطابق تھا، نہ کہ ذاتی خواہش کے تحت اور کہانی کا اہم حصہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس سین کو نکالنے سے کردار کی مکمل تاثیر ختم ہو جاتی، اس لئے اسے برقرار رکھنا ضروری تھا۔

پی ایس ایل میں نیوزی لینڈ کے کھلاڑیوں کی بڑی تعداد خوش آئند ہے، لیوک رونکی

نیوزی لینڈ کے پلیئرز کے لیے یہاں کھیلنا اچھا تجربہ ہے، اسلام آباد کے ہیڈ کوچ کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) اسلام آباد کے ہیڈ کوچ لیوک رونکی نے کہا ہے کہ پی ایس ایل میں بڑی تعداد میں نیوزی لینڈ کے کھلاڑیوں کا ہونا خوش آئند ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے لیوک رونکی نے کہا کہ نیوزی لینڈ کے پلیئرز کے لیے یہاں کھیلنا اچھا تجربہ ہے۔ راولپنڈی کے خلاف میچ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے ہیڈ کوچ اسلام آباد یونائیٹڈ نے کہا کہ میچ میں ہماری بیٹنگ اچھی نہیں رہی، پاور پلے میں اچھا آغاز نہیں ہو سکا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بولرز نے کم اسکور کے باوجود اچھی کوشش کی، ان کنڈیشنز میں 137 کا دفاع کرنا آسان نہیں ہے۔ لیوک رونکی نے کہا کہ راولپنڈی کے نتائج کے باوجود اس کو آسان حریف نہیں سمجھا تھا۔

پی سی بی کا کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ لینا کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ایس ایل کے بعد قومی کھلاڑیوں کے مرحلہ وار فٹنس ٹیسٹ لیے جائیں گے، دستیاب قومی کھلاڑیوں کو فٹنس دیکھانے کے لئے امتحان سے گزرنا ہوگا جبکہ نتائج کی بنیاد پر تمام فارمیٹس کیلئے ٹریننگ پلان مرتب کیا جائے گا۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ فٹنس ٹیسٹ کے دوران کھلاڑیوں کو خصوصی فیلڈنگ سیشنز میں حصہ لینا ہوگا، فیلڈنگ کی بہتری کیلئے ٹاسکس دیئے جائیں گے جبکہ ٹیم کی مجموعی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے جدید ٹریننگ حکمت عملی اپنائی جائے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ایس ایل کے بعد قومی کھلاڑیوں کے مرحلہ وار فٹنس ٹیسٹ لیے جائیں گے۔

پی ایس ایل اچھا رہا ہے، مجھے خود کو بہتر کرنا ہے، جارح مزاج اوپننگ بلے باز شامل حسین

ہر ٹیم کی خاصیت ہوتی ہے، لاہور قلندرز کے اگر فاسٹ بولرز ہیں تو ہمارے اسپنرز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا کمبی نیشن اچھا بنا تھا

لاہور (این این آئی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے جارح مزاج اوپننگ بلے باز شامل حسین نے کہا ہے کہ پی ایس ایل 11 اچھا رہا ہے، مجھے خود کو بہتر کرنا ہے۔ میچ ونگ انگر کھیلی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شامل حسین کا کہنا تھا کہ ہر ٹیم کی خاصیت ہوتی ہے، لاہور قلندرز کے اگر فاسٹ بولرز ہیں تو ہمارے اسپنرز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا کمبی نیشن اچھا بنا تھا، ہم نے حریف ٹیم کو کچھ میچز آسانی سے جانے دیے۔ اپنے کھیل کے بارے میں بات کرتے ہوئے شامل نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے سے اعتماد آتا ہے، بہت فرق پڑتا ہے، جب رنز کر کے آتے ہیں تو اس کا فائدہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکھنے کی کوشش کرتا ہوں، سب کے پاس خود جاتا ہوں۔

خیبر پختونخوا اتھلیٹکس مرد اور خواتین ٹیموں کے چناؤ کے سلسلہ میں ٹرائلز پشاور شروع ہو گئے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے چناؤ کے سلسلہ میں خیبر پختونخوا اتھلیٹکس مرد اور خواتین ٹیموں کے لئے ٹرائلز قیوم سپورٹس کمپلیکس، پشاور میں شروع ہو گئے ہیں، کھلاڑیوں کی سلیکشن کیلئے تین رکنی سلیکشن کمیٹی خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری انجینئر سیف اسلام آفریدی کی سربراہی قائم کی گئی ہے دیگر ارکان میں ہیڈ کوچ عابد آفریدی اور کوچ ذوالفقار خان شامل ہیں۔ ٹرائلز میں صوبہ بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہی ہیں منتخب ٹیموں کے کھلاڑی 54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کریں گے اور چیمپئن شپ آٹھ ماہ 14 سے 17 مئی تک کراچی میں کھیلی جائے گی۔

پی ایس ایل، مستفیض الرحمان، ناہید رانا بقیہ میچز میں دستیاب نہیں، بی سی بی

ناہید رانا کو پی ایس ایل کے باقی میچز کے لیے ریلیز نہیں کیا جا رہا ہے

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش کرکٹ بورڈ نے کہا ہے کہ مستفیض الرحمان اور ناہید رانا پاکستان سپر لیگ ایڈیشن کے بقیہ میچز میں دستیاب نہیں ہوں گے۔ بنگلادیش کے فاسٹ بولر اور پی ایس ایل میں لاہور قلندرز میں شامل مستفیض الرحمان کا میڈیکل معائنہ کیا گیا۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے مطابق نیوزی لینڈ کے خلاف تیسرے میچ کے بعد میڈیکل اسٹاف نے مستفیض الرحمان کا معائنہ کیا، مستفیض الرحمان کا اسکین کیا جائے گا۔ بی سی بی نے کہا کہ مستفیض الرحمان بی سی بی میڈیکل اسٹاف کی نگرانی میں ری ہیب میں حصہ لیں گے، ان کا پی ایس ایل کے لیے جاری شدہ این او سی ختم کر دیا گیا، مستفیض الرحمان پی ایس ایل کے باقی میچز کے لیے دستیاب نہیں ہوں گے۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے مطابق فاسٹ بولر ناہید رانا بھی پی ایس ایل میچز کے لیے دستیاب نہیں ہوں گے، ناہید رانا کو پی ایس ایل کے باقی میچز کے لیے ریلیز نہیں کیا جا رہا ہے۔ بی سی بی کے مطابق ناہید رانا کے این او سی میں توسیع نہ کرنے کا فیصلہ پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں تیاری کو مدنظر رکھ کر کی گئی۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ نے کہا ہے کہ مستفیض الرحمان اور ناہید رانا پاکستان سپر لیگ ایڈیشن کے بقیہ میچز میں دستیاب نہیں ہوں گے۔ بنگلادیش کے فاسٹ بولر اور پی ایس ایل میں لاہور قلندرز میں شامل مستفیض الرحمان کا میڈیکل معائنہ کیا گیا۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے مطابق نیوزی لینڈ کے خلاف تیسرے میچ کے بعد میڈیکل اسٹاف نے مستفیض الرحمان کا معائنہ کیا، مستفیض الرحمان کا اسکین کیا جائے گا۔

کھلاڑی توقعات کے مطابق نہیں کھیلے، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کپتان سعود شکیل

پی ایس ایل 11 کی کئی چیزیں پازیٹو ہیں، ٹیمیں زیادہ ہونے پر یقین تھا زیادہ نوجوانوں کو اب موقع ملے گا، انٹرویو

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کپتان سعود شکیل نے کہا ہے کہ پی ایس ایل میں جس طرح کا پلان کیا تھا اس کے مطابق چیزیں نہیں گئیں مجموعی طور پر دیکھا جائے تو اہم پلیئرز کی پرفارمنس اس طرح نہیں آئی جس کی توقع کر رہے تھے۔ سعود شکیل نے ایک انٹرویو میں کہا کہ گزشتہ سیزن کی طرح اس مرتبہ ہمارا کمبی نیشن نہیں بن سکا جس کی وجہ سے یہ پرفارمنس ہے۔ انہوں نے کمبی نیشن کے حوالے سے کہا کہ پہلی مرتبہ آکشن ہوئی، نیا کمبی نیشن بنا، اسے تھوڑا ٹائم دینا پڑے گا، خواجہ نافع نوجوان ٹیلنٹ ہے، پاکستان ٹیم کے ساتھ ہے، کبھی پلیئر کچھ چیزوں میں پھنس جاتا ہے، خواجہ نافع نے شاید بہت زیادہ توقعات کا دباؤ لیا ہے، وہ ان چیزوں سے جتنا جلد سیکھے گا اس کو فائدہ ہوگا۔ کپتان سعود شکیل نے تسلیم کیا کہ ہم سے وہ پرفارمنس نہیں ہو پائی جو ہونی چاہیے تھی یا جس کی توقع تھی، میرا آغاز اچھا تھا لیکن دوسرے مرحلے میں چیزیں میرے حق میں نہیں گئیں اور فورٹی نائن خراب ہو گیا، میرے ہاتھ میں محنت ہے۔

پاکستان انڈر 16-اسکواڈ یوریفا بوائز ڈیولپمنٹ ٹورنامنٹ کیلئے قازقستان پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انڈر 16-بوائز ٹیم یوریفا انڈر 16-بوائز ڈیولپمنٹ ٹورنامنٹ میں شرکت کیلئے قازقستان پہنچ گئی ہے، میس اسٹیڈیم بیک اسپورٹس کمپلیکس میں 24 سے 30 اپریل تک اس ایونٹ کا انعقاد کیا جائے گا۔ یہ پہلا موقع ہے پاکستان کو کسی یوریفا ایونٹ میں شرکت کا موقع ملا ہے۔ قومی کوچنگ اسٹاف کی جانب سے منتخب کردہ 19 رکنی اسکواڈ میں ملک بھر کے باصلاحیت کھلاڑی شامل ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ پاکستان کی نئی نسل کے کھلاڑیوں کے لیے ایک اہم موقع فراہم کرے گا۔ پی ایف ایف کے صدر سید محسن گیلانی نے کہا کہ اس سطح پر یورپی مقابلوں تک رسائی ہمارے نوجوان کھلاڑیوں کے لیے تاریخی طور پر ممکن نہیں رہی۔

پی ایس ایل: 11 کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی، محمد عامر اور فہیم اشرف پر جرمانہ عائد

کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر میچ ریفری نے دونوں پلیئرز پر میچ فیس کا 10، 10 فیصد جرمانہ عائد کیا، دونوں پلیئرز نے غلطی تسلیم کر لی

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 کے 34 ویں میچ میں کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر محمد عامر اور فہیم اشرف پر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ گزشتہ روز راولپنڈی اور اسلام آباد یونائیٹڈ کے میچ کے دوران دونوں پلیئرز الجھ پڑے تھے۔ محمد عامر کی گیند پر آؤٹ ہونے کے بعد دونوں کھلاڑیوں کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ اس موقع پر محمد عامر نے فہیم اشرف کو واپس جانے کا اشارہ کیا، جس پر فہیم اشرف نے ردعمل دیتے ہوئے ان کی جانب بڑھنے کی کوشش کی۔ دونوں کھلاڑی ایک دوسرے کے قریب آ گئے اور اس دوران ٹوک جھونک ہوئی تاہم ساتھی کھلاڑیوں نے مداخلت کرتے ہوئے بیچ بچا کرایا۔ کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر میچ ریفری نے دونوں پلیئرز پر میچ فیس کا 10، 10 فیصد جرمانہ عائد کیا، دونوں پلیئرز نے غلطی تسلیم کر لی۔

54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کیلئے خیبر پختونخوا کے کھلاڑیوں پر مشتمل مضبوط اتھلیٹکس ٹیم تیار کی جائیگی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سیف اسلام آفریدی نے کہا ہے کہ 54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کیلئے خیبر پختونخوا کے کھلاڑیوں پر مشتمل مضبوط اتھلیٹکس ٹیم تیار کی جائے گی اور ٹیلے میں اتھلیٹکس کے کھیل کے فروغ کے لئے ایشیا اتھلیٹکس فیڈریشن کے نائب صدر میجر جنرل (ریٹائرڈ) محمد اکرم ساہی کی کاوشیں اور کوششیں قابل تعریف ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قیوم سپورٹس کمپلیکس، پشاور خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ٹرائلز کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ 54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ 14 سے 17 مئی تک کراچی میں کھیلی جائے گی۔

ایشین بیچ گیمز میں ایران نے پاکستان کبڈی ٹیم کو شکست دے دی

ویمنز فائنل میں 27 اتھلیٹس نے حصہ لیا۔ عائشہ وقاص نے 56.32 منٹ کیساتھ پرسنل بیسٹ کیا

ڈاہیہ (این این آئی) ایشین بیچ گیمز میں ایران نے پاکستان کبڈی ٹیم کو شکست دے دی۔ چین کے شہر ڈاہیہ میں ایشین بیچ گیمز جاری ہیں جہاں پاکستان کبڈی ٹیم کو ایران کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ایران نے پاکستان کبڈی ٹیم کو 38-28 سے شکست دی۔ اس کے علاوہ ایشین بیچ گیمز میں ایکواٹھلون میں پاکستان کے حمزہ آصف کی 28 ویں پوزیشن رہی۔ ایکواٹھلون مینز فائنل میں 31 اتھلیٹس نے حصہ لیا۔ حمزہ آصف نے 26.37 منٹ کے ساتھ اپنا پرسنل بیسٹ کیا۔ دوسری جانب ایکواٹھلون ویمنز میں پاکستان کی عائشہ وقاص نے 25 ویں پوزیشن حاصل کی۔ ویمنز فائنل میں 27 اتھلیٹس نے حصہ لیا۔ عائشہ وقاص نے 56.32 منٹ کے ساتھ پرسنل بیسٹ کیا۔

اٹلی نے فیفا ورلڈ کپ میں ایران کی جگہ اطالوی ٹیم کی شمولیت کی خبر مسترد کر دی

فیفا سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ ورلڈ کپ میں ایران کی جگہ اٹلی کی ٹیم کو شامل کر لیا جائے

روم (این این آئی) اٹلی کی حکومت نے فٹبال ورلڈ کپ میں ایران کی جگہ اطالوی ٹیم کی شمولیت کی خبروں کو رد کر دیا ہے۔ ایک انٹرویو میں اٹلی کے وزیر کھیل آندرے ابودی نے بتایا کہ ورلڈ کپ کوالیفکیشن کا فیصلہ فٹبال پچ پر ہوتا ہے اور وہیں ہونا چاہیے، ایران کی جگہ ورلڈ کپ میں شمولیت نہ ہی ممکن ہے اور نہ ہی ایسا کرنا مناسب ہوگا۔ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایک قریبی ساتھی نے کہا تھا کہ فیفا سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ ورلڈ کپ میں ایران کی جگہ اٹلی کی ٹیم کو شامل کر لیا جائے۔

بقیہ 1

فراہم کی جائیں گی۔ وی ایف ایکس اور پوسٹ پروڈکشن کے لیے بیرونِ ملک انحصار کم کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جدید اسٹوڈیوز، ساؤنڈ اسٹیج اور پوسٹ پروڈکشن لیبز بھی فلم سٹی منصوبے میں شامل ہیں۔ شوٹنگ کے لیے مختلف تمام سہولیات، سیٹس اور مرکزی جھیل بھی بنائی جائے گی۔ بین الاقوامی ایونٹس اور ایوارڈ شوز کے لیے کنونشن ہال قائم کیے جائیں گے۔ میڈیا ٹریڈ ہب اور فلم و میوزک اسکول بھی منصوبے کا حصہ ہوں گے۔ فلم سٹی منصوبے سے ہزاروں براہِ راست اور بالواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جدید فلم سٹی سے اینیمیشن، گیمنگ اور ڈیجیٹل میڈیا کے شعبے فروغ پائیں گے۔ فلم سٹی منصوبہ تخلیقی معیشت کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ فلم سٹی ٹیلنٹ، ٹیکنالوجی اور کاروبار کو ایک پلیٹ فارم مہیا کرے گا۔ منصوبہ مرحلہ وار مکمل کیا جائے گا، مزید تفصیلات جلد جاری کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 2

لیے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی مسلسل حمایت، خدمات اور لگن ملک کے لیے ایک مثال ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرے خاندان کے پارسی برادری کے ساتھ قریبی تعلقات رہے ہیں اور میں اس دیرینہ رشتے کو بہت اہمیت دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 133 سال سے آپ کا تعاون قابلِ قدر ہے اور کراچی و پاکستان کے لیے آپ کی خدمات انتہائی اہم ہیں۔ تقریب کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ پہلا موقع ہے کہ آپ اپنی برادری کے افراد کو باقاعدہ طور پر خراجِ تحسین پیش کر رہے ہیں، جو کہ ایک قابلِ ستائش اقدام ہے۔ کراچی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ کراچی ایک خوبصورت شہر ہے جس نے بے شمار لوگوں کو پہچان دی ہے، مجھے امید ہے کراچی ایک بار پھر ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور لوگ واپس آ کر اس کی ترقی میں حصہ ڈالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایک بندرگاہی شہر ہونے کے ناطے کراچی نے باصلاحیت افراد پیدا کیے ہیں جنہوں نے نہ صرف قومی بلکہ عالمی سطح پر بھی اپنی پہچان بنائی ہے۔ تقریب کے اختتام پر پارسی برادری کے کراچی کی سماجی و معاشی ترقی میں تاریخی کردار اور پاکستان کے لیے ان کی مسلسل خدمات کو سراہا گیا۔

بقیہ 3

سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں عوامی مسائل حل کرنے کے بجائے سیاسی سرگرمیوں اور نمائشی اقدامات پر توجہ دی جا رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسمبلی اجلاس کے انعقاد پر اٹھنے والے اخراجات کو اگر یونیورسٹی ملازمین کی تنخواہوں پر خرچ کیا جاتا تو زیادہ بہتر ہوتا۔ گورنر کے پی نے کہا کہ آئین میں اختیارات تو موجود ہیں، تاہم یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ حالیہ اجلاس حکومت کے خلاف تھا یا اسپیکر کے خلاف، کیونکہ بظاہر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اپنے ہی خلاف اجلاس بلا لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گراؤنڈز نوجوانوں کی سرگرمیوں کے لیے بنائے جاتے ہیں، لیکن انہیں سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے، جو افسوسناک ہے۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ صوبے میں سیاسی جماعت کے اندر اختلافات کھل کر سامنے آ چکے ہیں اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے ایسے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کرپشن کا بازار گرم ہے اور بعض عناصر تاحیات مراعات لینے کی باتیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکمرانوں کو چاہیے کہ وہ اپنے صوبے کے مسائل پر توجہ دیں اور عوام کی فلاح کے لیے اقدامات کریں، نہ کہ غیر ضروری سیاسی سرگرمیوں میں وقت ضائع کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ صرف بیانات دینے سے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا سرمایہ کاری، ترقی اور جدید کاروباری سرگرمیوں کے لیے ایک سازگار اور پرکشش خطہ ہے۔

بقیہ 4

فرسودہ نظام سے بیزار ہو چکے ہیں۔ ایک بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ باہر ڈ نظام ملک و ملت کے لیے وبالِ جان بن چکا ہے، جماعت اسلامی نظام کی تبدیلی کے لیے آئینی، جمہوری اور پرامن جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی ممبر سازی مہم اور عوامی کمیٹیوں کا قیام امید کی کرن ہے۔ جماعت اسلامی کا ہدف 50 لاکھ نئے ممبرز اور 50 ہزار عوامی کمیٹیوں کا قیام ہے، جسے حاصل کیا جائے گا۔ لیاقت بلوچ نے مزید کہا کہ پنجاب اور سندھ حکومت کی گندم خریداری پالیسی ایک بار پھر ناکام ہوگئی ہے، گندم کے کاشتکاروں کو 3500 روپے فی من قیمت کہیں بھی نہیں مل رہی۔

بقیہ 5

میں دیئے گئے عشائیہ کی تقریب پر فائرنگ کے واقعے کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، خاتونِ اول اور دیگر شرکاء کے محفوظ رہنے پر اطمینان کا اظہار بھی کیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق اسپیکر سردار ایاز صادق نے صدر ٹرمپ اور دیگر شرکاء کیلئے نیک تمناؤں اور خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تشدد کے واقعات کی روک تھام کیلئے معاشرے میں امن و برداشت کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔

بقیہ 6

واقعہ پیش آیا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ علامہ طاہر اشرفی نے اس واقعے کے حوالے سے اپنے ویڈیو بیان میں بتایا کہ وہ لندن میں اہل خانہ کے ہمراہ ایک دعوت میں شرکت کے لیے جا رہے تھے کہ راستے میں بعض افراد نے انہیں روک لیا، مجھے اور میرے اہل خانہ کو ہراساں کیا گیا اور نازیبا زبان استعمال کی گئی۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ متعلقہ افراد نے فوج اور سپہ سالار کے حوالے سے سوالات کیے اور تلخ جملوں کا تبادلہ کیا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ واقعے میں پاکستان تحریک انصاف سے وابستہ بعض افراد بھی موجود تھے۔ علامہ طاہر اشرفی نے کہا کہ سیاسی اختلاف کی بنیاد پر اہل خانہ کے سامنے ہنگامہ آرائی اور بدزبانی قابل قبول نہیں۔ اگر کسی کے اہل خانہ کے ساتھ ایسا رویہ اختیار کیا جائے تو اسے برداشت کرنا مشکل ہوگا۔ اختلاف رائے کو اخلاقیات اور برداشت کے دائرے میں رہ کر آگے بڑھایا جانا چاہیے۔ انہوں نے سابق وزیراعظم عمران خان کے ساتھ اپنے ماضی کے تعلقات اور سفارتی سرگرمیوں کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے مختلف ادوار میں پاکستان اور عالم اسلام کے تعلقات کی بہتری کے لیے کردار ادا کیا اور کسی ذاتی فائدے کے لیے کوئی عہدہ یا منصب حاصل نہیں کیا۔ انہوں نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں، اپنے ساتھیوں اور عرب نوجوانوں کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے واقعے کے بعد ان سے اظہار یکجہتی کیا۔

بقیہ 7

منصوبہ صوبے کے صحت کے نظام میں ایک انقلابی اقدام ثابت ہوگا، جس کے تحت تقریباً 100 طبی مراکز کی سہولیات کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔ ان اقدامات سے خاص طور پر پسماندہ اور دور دراز علاقوں میں ماؤں اور بچوں کے لیے معیاری طبی سہولیات تک رسائی میں اضافہ متوقع ہے، جہاں صحت کے اشاریے ماضی میں قومی اوسط سے کم رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایک بیان میں کہا کہ ہم اس اہم تعاون پر حکومتِ چین کے بے حد شکر گزار ہیں، یہ منصوبہ پاکستان اور چین کے درمیان مضبوط تعلقات کا مظہر ہے اور زچہ و بچہ کی صحت کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ محکمہ صحت کے حکام نے بتایا کہ منصوبے کے ذریعے نہ صرف طبی مراکز کی بنیادی سہولیات کو بہتر بنایا جائے گا بلکہ خدمات کی فراہمی کے معیار کو بھی بلند کیا جائے گا تاکہ حاملہ خواتین اور نومولود بچوں کو بروقت اور مؤثر علاج فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے بلوچستان میں زچگی اور بچوں کی اموات کی شرح میں کمی لانے میں مدد ملے گی جو ایک عرصے سے ایک بڑا مسئلہ رہا ہے۔

بقیہ 8

قومی خودمختاری اور پانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان ہر جارحیت کا موثر جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایک سال قبل وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں کیڈٹس سے خطاب کے دوران پہلگام واقعے کے حوالے سے پاکستان کے مقف کو واضح انداز میں پیش کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 24 اپریل 2025 کو نیشنل سیکیورٹی کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان نے بھارت کے الزامات کا بھرپور اور موثر جواب دیا جس کے بعد 26 اپریل 2025 کو وزیراعظم نے پی ایم اے کاکول میں اپنے خطاب کے دوران اس بات پر زور دیا کہ پہلگام جیسے واقعات کی آڑ میں پاکستان پر بے بنیاد الزامات کا سلسلہ بند ہونا چاہیے۔ وزیراعظم نے اس واقعے کو ایک سانحہ قرار دیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے پہلگام واقعے کے متاثرین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا اور عالمی سطح پر افسوس و تشویش بھی ظاہر کی جبکہ اس کے برعکس بھارت کی جانب سے دہشت گردی کے واقعات پر نہ تو مذمت کی جاتی ہے اور نہ ہی افسوس کا اظہار سامنے آتا ہے، یہ ایک واضح فرق ہے کہ پاکستان دہشت گردی کا مقابلہ کر رہا ہے جبکہ بھارت دہشت گردی کو فروغ دے رہا ہے۔ پوری دنیا کے سامنے دہشت گردی کو فروغ دینے اور دہشت گردی کا مقابلہ کرنے والوں کا فرق بالکل عیاں ہو چکا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے، دوسری جانب بھارت دہشت گردی کی پشت پناہی کر رہا ہے۔ فتنہ الہندوستان بی ایل اے اور فتنہ الخوارج ٹی ٹی پی جیسے عناصر کے تانے بانے بھارت سے جا ملتے ہیں اور یہ انڈین سپانسرڈ ٹیررازم کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان طویل عرصے سے دہشت گردی کا شکار رہا ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم نے بہت قربانیاں دی ہیں، معیشت کو تقریباً 600 ارب ڈالر کا نقصان برداشت کرنا پڑا ہے، اس جنگ میں 90 ہزار سے زائد افراد نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا جن میں مسلح افواج کے افسران و جوان، پولیس اہلکار، سویلین شہری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان درحقیقت دہشت گردی کے خلاف مضبوط دیوار ہے اور اس ناسور کے خاتمے کے لئے ریاست اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لا رہی ہے اور اس میں بڑی کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ جب پہلگام واقعہ میں پاکستان کے خلاف بے بنیاد الزامات لگائے گئے تو وزیراعظم شہباز شریف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ ایک سال قبل آج ہی کے دن کاکول گئے اور بھارت کے ان الزامات کا جواب دیتے ہوئے پہلگام واقعہ کو ایک ٹریجڈی قرار دیا۔ وزیراعظم نے اس کا ایک ایسا حل دیا جس نے سفارتی سطح محاذ پر پاکستان کو بہت تقویت دی۔ وزیراعظم نے پہلگام واقعہ کی شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کی پیشکش کی جس سے بھارت بیک فٹ پر چلا گیا اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے موقف کی حمایت کی گئی جبکہ بھارت کو سفارتی محاذ پر شکست کا سامنا کرنا پڑا، کوئی بھی بھارت کا بیانیہ تسلیم کرنے کو تیار نہیں تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جب پہلگام واقعہ کی غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات کی پیشکش کی گئی تو اس کے پیچھے مکمل اعتماد موجود تھا۔ پاکستان نے اپنا واضح موقف دنیا کے سامنے رکھا کہ وہ ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف ہے اور خود دہشت گردی کے خلاف ایک منظم جنگ لڑ رہا ہے لیکن بھارت کی طرف سے پہلگام واقعہ کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کی پیشکش کا کوئی جواب نہیں دیا گیا کیونکہ بھارت دہشت گردی کو پروموٹ کرتا ہے اور ان کے اپنے ہاتھ پہلگام واقعہ کا نشانہ بننے والوں کے خون میں رنگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی سول سوسائٹی، میڈیا اور سیاستدانوں نے بھارتی سرکار کو پہلگام فالس فلیگ آپریشن کا مورد الزام ٹھہرایا۔ انہوں نے کہا کہ اگر بھارت کے ہاتھ صاف ہوتے تو وہ تحقیقات کی پیشکش پر فوری طور پر آمادگی ظاہر کرتا لیکن چونکہ انہیں اس مبینہ سازش میں اپنے کردار کا ادراک تھا۔ اس لئے انہوں نے اس حوالے سے کوئی مثبت جواب نہیں دیا، یہی صورتحال ایک اہم موڑ (ٹرننگ پوائنٹ) ثابت ہوئی۔ پہلگام واقعہ کے بعد عالمی سطح پر پاکستان کے موقف کو درست قرار دیا گیا، جب پاکستان خود آگے بڑھ کر شفاف تحقیقات کی پیشکش کر رہا ہے تو اس صورتحال میں اس بات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ پاکستان اس واقعہ میں ملوث ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے کاکول میں تاریخی خطاب کے بعد پوری دنیا نے پاکستان کے موقف کو نہ صرف تسلیم کیا بلکہ اس کو سراہا۔ اس خطاب کے دوران وزیراعظم نے پہلگام واقعہ کے حوالے سے پاکستان کا موقف پیش کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف معاملات میں پاکستان کی پوزیشن کو بھی دنیا کے سامنے واضح کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ بھارت نے ہمیشہ دہشت گردی کا سہارا لیا ہے، بھارت نے پانی کے معاملے کو بھی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا۔ اس ایشو پر وزیراعظم نے واضح کیا کہ پانی ہماری ریڈ لائن ہے، ہم بھارت کو آبی دہشت گردی کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، اس معاملے کے قانونی پہلوؤں میں بھی بھارت کو شدید خفت کا سامنا کرنا پڑا۔ وزیراعظم نے واضح موقف اختیار کیا کہ اگر پاکستان کے حصے کا پانی روکا گیا یا اس میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ پیدا کی گئی تو پاکستان اس کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ایم اے کاکول کا تاریخی خطاب قومی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جسے ایک سال مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دوران اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان کے لئے نئے راستے کھلے اور ملک کی عزت و وقار میں اضافہ ہوا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے اداروں کی مضبوطی بھی اس دوران کھل کر سامنے آئی، وزیراعظم نے اسی اعتماد کے ساتھ یہ کہا تھا کہ مسلح افواج وطن کے دفاع کے لئے ہر وقت تیار ہیں اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دلیرانہ قیادت میں افواج پاکستان کسی بھی جارحیت یا مس ایڈونچر کا موثر جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران پاکستان نے منظم اور موثر انداز میں جواب دیا اور دشمن کی ملٹری تنصیبات کو نشانہ بنایا جس کے بعد پوری دنیا نے دیکھا کہ بھارت کس طریقے سے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوا اور اسے پسپائی اختیار کرنا پڑی۔ یہ پاکستان کی ادارہ جاتی اور عسکری طاقت کا اظہار ہے، پوری قوم اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہے، ہم اپنا دفاع کرنا بھرپور طریقے سے جانتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص میں ملک نے اپنے دفاع کو ثابت کیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم نے کاکول میں خطاب کے دوران اس عزم کا اعادہ کیا کہ افواج پاکستان اور 24 کروڑ عوام ڈٹ کر کھڑے ہیں، کسی بھی مس ایڈونچر کا جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ پاکستانی قوم کبھی بھی اپنی عزت اور وقار پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتا نہیں کرے گی، اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ کی لاج رکھی اور پاکستان کی عزت اور وقار میں کئی گنا اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب بھارت کی بلیم گیم تھی جبکہ دوسری جانب پاکستان کا سچ اور اصولوں پر مبنی موقف تھا، پاکستان دہشت گردی کا مقابلہ کر رہا ہے، دہشت گردوں کے حوالے سے ہماری ایک واضح پالیسی ہے، اس کے برعکس بھارت نے کبھی دہشت گردی کے حوالے سے کوئی موثر یا واضح پوزیشن اختیار نہیں کی۔ پاکستان کے پاس سچائی اور حقائق کا مضبوط موقف موجود ہے اور سچائی بالآخر ہمیشہ غالب آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اپنے خطاب میں یہ بھی کہا تھا کہ بھارت کے پاس جھوٹے، من گھڑت اور بے بنیاد الزامات کے علاوہ کچھ نہیں ہے تو پوری دنیا کے سامنے پاکستان کا سچ ایک روشن سورج کی طرح ابھرا اور بھارت اس دن سے لے کر آج تک تاریکیوں میں ڈوب چکا ہے، سفارتی میدان، بیانیہ کی جنگ، آپریشن بنیان مرصوص سمیت تمام محاذوں پر بھارت کو شکست فاش ہوئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم کے پی ایم اے کاکول کے تاریخی خطاب نے پاکستان کی مجموعی پالیسی کو مزید واضح اور دوٹوک انداز میں پیش کیا، بھارت کی جانب سے لگائے گئے جھوٹے اور بے بنیاد الزامات کا موثر جواب پاکستان نے عالمی سطح پر دیا، وزیراعظم نے یہ موقف اختیار کیا کہ اگر بھارت کے دعوے سچے ہیں تو ان کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس موقف کے بعد بھارت کے لئے اپنے بیانیہ کا دفاع کرنا مشکل ہوگیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا دفاع پہلے سے زیادہ مضبوط ہوا ہے، یہی وجہ ہے کہ پاکستان کو سفارتی سطح پر نمایاں کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی پاکستان سے وابستگی اور محبت میں مزید اضافہ ہوا ہے، ان کی عزت میں اضافہ ہوا ہے، پوری دنیا پاکستان کو عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے خطاب نے پہلگام واقعہ کے بعد جو پالیسی سمت متعین کی، اس کے مثبت اثرات سامنے آئے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان نے ملک کے دفاع کو موثر انداز میں یقینی بنایا اور ہر سطح پر اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔

بقیہ 9

سکیورٹی فورسز کی بھاری نفری نے ٹارگٹڈ آپریشن کیا۔ ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے سکیورٹی فورسز کو دیکھتے ہی جدید خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ شروع کر دی تاہم فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے 5 اہم کمانڈرز ہلاک ہو گئے۔ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ، راکٹ لانچرز، بم، دھماکہ خیز مواد اور مواصلاتی آلات قبضے میں لے لیے، مارے جانے والے دہشت گرد سکیورٹی فورسز اور پولیس پر حملوں میں ملوث تھے۔

بقیہ 10

ڈنر پر فائرنگ گھناؤنا دہشت گردانہ عمل ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایکس پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن ڈی سی میں وائٹ ہاؤس عشائیہ کے دوران پیش آنے والے فائرنگ کے تشویشناک واقعے پر گہرے صدمے کا اظہار کرتا ہوں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ یہ جان کر خوشی ہوئی کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ، خاتونِ اول اور دیگر شرکاء خیریت سے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میری دعائیں اور نیک تمنائیں ان کے ساتھ ہیں اور میں ان کی مسلسل سلامتی اور خیریت کی دعا کرتا ہوں۔ دریں اثناء وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے وائٹ ہاؤس عشائیہ پر حملہ کی مذمت کی ہے اور صدر ٹرمپ، نائب صدر وینس اور خاتونِ اول کے محفوظ ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ ہم ہر قسم کے تشدد کی سخت مذمت کرتے ہیں کیونکہ یہ سفارت کاری کا دشمن ہے، کسی بھی مہذب معاشرے میں تشدد ناقابل برداشت ہے

بقیہ 11

کی پالیسی درست ہو تو ملکی قرضہ ختم ہو سکتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمان نے سرگودھا آمد پر الخدمت فاونڈیشن کے بنوقابل پروگرام کی گریجویشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بنوقابل پروگرام کے ذریعے نوجوان بہتر روزگار کمانے کے قابل ہو رہے ہیں جو مزید پڑھنا چاہتے ہیں ان کو ہم پڑھائیں گے، حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بنوقابل پروگرام میں سو فیصد مفت تعلیم دی جا رہی ہے، اس وقت سب سے مشکل اچھے اساتذہ کو تلاش کرنا ہے، ہمارے اساتذہ نے محنت کر کے کورسز مکمل کرائے اب مختلف شہروں میں کیمپسز بن چکے ہیں، اگر ضرورت ہوئی تو سرگودھا میں مزید کیمپسز بنائے جائیں گے، اس پروگرام میں الخدمت فانڈیشن اور جماعت اسلامی کے والنٹیر کام کرتے ہیں، ایڈوانس کورسز میں بھی بہترین طریقے سے یہ سلسلہ آگے بڑھے گا ہم نے نوجوانوں کا ہاتھ تھام کر انہیں قابل بنایا ہے اب آپ کی ذمہ داری ہے آپ ہمارے سفیر بنیں سرگودھا میں ایک لاکھ کے قریب بچے اسکولوں سے باہر ہیں یہ بچے کسی مکینک کے پاس یا بھٹے میں کام کر رہے ہیں، یہ حکومت کا کام ہے کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم دے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستان کا آئین کہتا ہے کہ سب کو تعلیم دینا حکومت کی ذمہ داری ہے جس میں سب کو ایک معیاری تعلیم ملنی چاہئے، جو بنیادی حق ہے ہمارے بنوقابل پروگرام میں 14 لاکھ بچے رجسٹرڈ ہو چکے ہیں۔ جب جماعت اسلامی تعلیم فراہم کر سکتی ہے تو ریاست کیوں نہیں؟ حکومتی سیکٹرز میں تعلیم مہنگی ہوتی جا رہی ہے۔ سرگودھا ضلع میں 20 فیصد طلبہ نے میٹرک کیا ہے۔ ہمارے بچوں کو کیوں نہیں پڑھایا جا رہا؟ حالانکہ سب کو مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستان میں 70 سے 80 لاکھ نوجوان منشیات کا شکار ہو چکے ہیں پنجاب میں ہمارے ٹیکسوں کے پیسوں سے اربوں روپے کی تشہیر ہوتی ہے جہاں اس وقت ایک کروڑ سے زائد بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔ اس وقت کامرس کے اسکولز ختم کیے جا رہے ہیں۔ پنجاب حکومت کے پاس آئی ٹی کی تعلیم دینے کے لیے کوئی منصوبہ نہیں ہے اگر آپ کی پالیسی ٹھیک ہو تو ملکی قرضہ ختم ہو سکتا ہے۔ جو کرنے کا کام ہے وہ پنجاب حکومت نہیں کرتی۔ ہمارے پیسوں سے تشہیر کروا کر ظاہر کرتے ہیں بہت کام ہو رہا ہے یہ جتنے بھی دعوے کریں کام کوئی نہیں ہو رہا۔ پاکستان میں اب تک امیر غریب کو ایک جیسی تعلیم، انصاف، امن نہیں ملا، حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اب یہاں نظام بدلنے کی ضرورت ہے۔ جس کے لئے عوام کو جماعت اسلامی کے ساتھ مل کر جہدوجہد کا آغاز کرنا ہوگا۔ اس موقع پر حافظ نعیم الرحمان کا پاس آوٹ طلبہ کی جانب سے لگائے گے اسٹالز کا دورہ کر کے ان کی خدمات کو سراہا اس تقریب میں بنو قابل پروگرام میں پاس آوٹ ہونیوالے ایک ہزار سے زائد طلبہ وطالبات نے شرکت کی۔

بقیہ 12

کے احکامات جاری کیے۔ ایس پی فلک نواز بنگش کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی اشتیاق حسین اور انچارج سٹی سید قیصر حسین نے پولیس ٹیم کے ہمراہ دو مختلف کارروائیوں کے دوران مبینہ طور پر ملوث ملزمان نصرت حسین ولد عباس غلام (سکنہ نستی کوٹ) اور سید حسینی ولد سید جواد (سکنہ زیڑان) کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 13

فائرنگ کے واقعے پر گہرے افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ فائرنگ کے واقعے کے بعد یہ سن کر اطمینان ہوا کہ صدر ٹرمپ، نائب صدر وینس اور خاتون اول محفوظ رہیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ ایسے واقعات سفارتکاری کے دشمن اور کسی بھی مہذب معاشرے میں ناقابل قبول ہیں، ہر قسم کے تشدد کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔

بقیہ 14

ژوژونگ وانگ نے صدر مملکت کو بریفنگ دی ،صدر مملکت کو چائے کی کاشت، پراسیسنگ، تحقیق اور مارکیٹنگ کیبارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔ صدر مملکت کو بتایا گیا کہ ماحولیاتی چائے کے باغات، خصوصی پیداواری سہولیات اور تقسیم کے نظام کو اس انداز میں منظم کیا گیا ہے کہ وہ مقامی فروخت اور برآمدات دونوں کی معاونت کرتے ہیں۔ حنان ٹی گروپ صوبے میں چائے کی ضروریات کے لیے ایک مربوط پلیٹ فارم کے طور پر کام کرتا ہے جو کاشتکاروں، صنعت اور تحقیقی اداروں کو برانڈنگ اور مارکیٹ تک رسائی کے ساتھ جوڑتا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کمپنی کی تاریخ پر مبنی گیلری کا دورہ کیا اور چائے کی پراسیسنگ اور اسکی ثقافت پر پریزنٹیشن کا مشاہدہ کیا۔ صدر مملکت کیلئے چائے کی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ صدر آصف علی زرداری نے ویلیو ایڈیشن، اینگرو پروسیسنگ اور برآمدات کے فروغ کے شعبوں میں تعاون کے امکانات کو سراہتے ہوئے حنان گروپ کو مختلف شعبوں میں پاکستان کے ساتھ اشتراک کے مواقع تلاش کرنے کی دعوت دی۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا، سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن، علی حسن بروہی، وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری و پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبہ جات سید قاسم نوید قمر، چیف سیکرٹری سندھ صدر مملکت کے ہمراہ تھے۔ پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زی ڈونگ اور چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی بھی صدر مملکت کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 15

ملاقات کے دوران زراعت، صحت، تعلیم اور تجارت کے شعبوں میں عملی تعاون کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی گئی، جبکہ پاکستان اور چین کے مضبوط اور دیرینہ تعلقات کی اہمیت کا اعادہ کیا گیا۔ ملاقات کے دوران صدر مملکت نے شین شیاؤ منگ کو پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کی تقریبات کے سلسلے میں پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔ انہوں نے زور دیا کہ پاک-چین تعلقات پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہیں اور انہیں وسیع عوامی حمایت حاصل ہے۔ صدر مملکت نے چین کے ساتھ اپنے دیرینہ ذاتی تعلق کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ ان کے خاندان، بشمول ان کے مرحوم سسر شہید ذوالفقار علی بھٹو اور مرحوم اہلیہ شہید بینظیر بھٹو ہمیشہ چین کے ساتھ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ روایت اب اگلی نسل، بشمول ان کے صاحبزادے بلاول بھٹو زرداری اور خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری، کے ذریعے آگے بڑھائی جا رہی ہے۔ انہوں نے ہونان کی زرعی ٹیکنالوجی اور آلات میں مہارت کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان میں زرعی پیداوار بڑھانے کی کوششوں کے لیے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے بیجوں کی ٹیکنالوجی، زرعی تحقیق اور جدید کاشتکاری کے طریقوں میں قریبی تعاون کی خواہش کا اظہار کیا، جبکہ زرعی مشینری، معدنیات کی پروسیسنگ اور انفارمیشن و کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں دوطرفہ تجارت بڑھانے کی صلاحیت کو اجاگر کیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت کو بتایا گیا کہ ہونان کی جامعات نے پاکستانی اداروں کے ساتھ 12 تعاون کے معاہدے کیے ہیں، جبکہ اس وقت 959 پاکستانی طلبہ مختلف شعبوں میں ہونان میں زیر تعلیم ہیں، جو عوامی روابط کو مضبوط بنانے میں کردار ادا کر رہے ہیں۔ صدر مملکت نے ہونان کے گورنر ماویمنگ کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے میں شرکت کی اور اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گورنر ہونان ماویمنگ نے پاکستان اور چین کو اچھے دوست، اچھے ہمسایہ، اچھے شراکت دار اور اچھے بھائی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہونان صوبہ چین پاکستان اقتصادی راہداری کی ترقی میں خلوص نیت سے اپنا کردار جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہونان کو ماز ے تنگ کی جائے پیدائش ہونے کی وجہ سے خصوصی اہمیت حاصل ہے اور ان کی میراث آج بھی نمایاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی طاقت کا تصور پاکستانی عوام میں بھی بہت مقبول ہے، انہوں نے چین کے ساتھ اپنے ذاتی تعلق کا

لین لائن کی پابندی یقینی بنانے کا ہدف، موبائل گاڑیوں پر لگے کیمروں سے مانیٹرنگ ہوگی

بڑے شاہراہوں کو ماڈل روڈز بنانے کا ہدف مقرر، وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت خصوصی اجلاس

لاہور (این این آئی) لین اور لائن کی پابندی کو یقینی بنانے کے لیے جامع حکمت عملی تیار کر لی گئی ہے جس کے تحت بڑے شاہراہوں کو ماڈل روڈز بنانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت ہونے والے خصوصی اجلاس میں ٹریفک نظام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ موبائل گاڑیوں پر نصب کیمروں کے ذریعے لین اور لائن کی پابندی کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ٹریفک پولیس نے گزشتہ 6 ماہ کے دوران 5 لاکھ سے زائد چالان کیے جبکہ ایک لاکھ سے زائد گاڑیوں کو تحویل میں لیا گیا۔ اس کے باوجود شہر میں ٹریفک کے غیر منظم رجحان پر وزیراعلیٰ نے تشویش کا اظہار کیا۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ زیگ زیگ ڈرائیونگ کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور خلاف ورزی پر موٹر سائیکل کو 3 دن کے لیے تھانے میں بند رکھا جائے گا۔

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر کھلی کچہری میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں۔

گوجر خان، بلیک میلنگ یا مبینہ زیادتی، نجی پیٹرول پمپ پر خاتون کے ساتھ مبینہ زیادتی

لاوہ (این این آئی) بلکسر میں واقع ایک نجی پیٹرول پمپ پر خاتون کے ساتھ مبینہ زیادتی کا واقعہ پیش آیا جہاں گوجر خان کی رہائشی خاتون نے تلہ گنگ کے علاقہ دندی کے ایک شخص پر مبینہ زیادتی کا الزام عائد کیا ہے۔ متاثرہ خاتون کے مطابق تین سال قبل دندی (تلہ گنگ) کے رہائشی شخص سے فون پر دوستی ہوئی، جو بعد ازاں ملاقاتوں میں تبدیل ہوگئی۔ خاتون کا موقف ہے کہ حالیہ دنوں میں ملزم نے اسے دوبارہ ملاقات کے لیے بلکسر بلایا۔

ایچ ای سی سے 1200 وکلاء کی ڈگریوں کی تصدیق نہیں ہوسکی، نوٹسز جاری کر دیئے، پنجاب بار کونسل

15 مئی تک ڈگریاں تصدیق کروا کر پنجاب بار کونسل میں جمع کرائیں، وائس چیئرمین خواجہ قیصر بٹ

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے کہا ہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے 1200 وکلاء کی ڈگریوں کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی جس پر باضابطہ نوٹسز جاری کر دیئے گئے ہیں، مذکورہ تمام افراد کو 15 مئی تک حتمی مہلت دی گئی ہے کہ وہ ہائر ایجوکیشن کمیشن سے اپنی ڈگریاں تصدیق کروا کر پنجاب بار کونسل میں جمع کرائیں، ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد غیر تصدیق شدہ ڈگری رکھنے والے وکلاء کے لائسنس فوری طور پر معطل کر دیئے جائیں گے اور مزید قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل خواجہ قیصر بٹ اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فخر حیات اعوان نے مشترکہ بیان میں کہا کہ ملک کی مختلف جامعات خصوصاً شاہ عبداللطیف بھٹائی یونیورسٹی، سندھ یونیورسٹی، کراچی یونیورسٹی، گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان، میرپور یونیورسٹی اور محی الدین یونیورسٹی آف آزاد کشمیر کی 1200 ڈگریوں کی ہائر ایجوکیشن کمیشن نے تصدیق نہیں کی۔

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان امیر ضلع شرقی نعیم و دیگر کے ہمراہ ریڈ لائن پروجیکٹ کے مقام کے دورے پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

سیف الملوک کھوکھر کی کھلی کچہری، شہریوں، لیگی کارکنان کے مسائل سنے

پنجاب حکومت، مرکزی حکومت کے تعاون سے عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کر رہی ہے، گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر کی جانب سے عوام کے مسائل کے حل کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ مختلف علاقوں سے شہریوں اور لیگی کارکنان کی کثیر تعداد نے کھلی کچہری میں شرکت کر کے اپنے مسائل سے آگاہ کیا جن پر سیف الملوک کھوکھر نے متعلقہ اداروں کے افسران کو فوری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے واضح احکامات ہیں کہ عوام کے مسائل کو سن کر ان کا ترجیحی بنیادوں پر حل نکالا جائے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خود بھی عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ صوبے کی تعمیر و ترقی کے لئے جتنے منصوبے اس دور میں شروع ہوئے ہیں ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ ان شاءاللہ آئندہ جب انتخابات میں جائیں گے اپنی کارکردگی کی بنیاد پر کامیابی حاصل کریں گے۔ سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ خطے میں جاری کشیدگی کی وجہ سے دنیا کے تمام ممالک کے لئے معاشی چیلنجز بڑھے ہیں۔

حجرہ شاہ مقیم، ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق، دو شدید زخمی

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) ٹریفک حادثہ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکپتن روڈ پر اڈہ سکھ پور کے قریب سڑک پر کھڑی توڑی والی ٹریکٹر ٹرالی سے پیچھے آنے والے ٹرک کا تصادم ہوگیا۔ حادثہ کے نتیجے میں ٹرک سوار شہزاد موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ اس کے دو ساتھی شدید زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور نعش و زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے

کرم پولیس کا پاراچنار سٹی میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن

10 ملزمان گرفتار، 06 عدد پستول اور 01 کلاشنکوف برآمد، مزید تفتیش جاری ہے

کرم) محمد خالق اورکزئی)۔۔ کرم پولیس کا پاراچنار سٹی میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن، 10 ملزمان گرفتار، 06 عدد پستول اور 01 کلاشنکوف برآمد، مزید تفتیش جاری ہے تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کرم ملک حبیب خان کی خصوصی ہدایت پر ایس پی فلک نواز بنگش کی قیادت میں ضلع بھر میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کا سلسلہ جاری ہے مقامی پولیس تھانہ سٹی کے ایس ایچ او اشتیاق حسین بمعہ پولیس پارٹی نے رات کے اندھیرے میں پاراچنار سٹی اور گردونواح میں بڑے پیمانے پر سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کیا پولیس نے دوران سرچ آپریشن غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 10 ملزمان کو حراست میں لیا جن کے قبضے سے 06 عدد پستول اور 01 عدد کلاشنکوف برآمد ہوئی پولیس نے ملزمان کو تھانہ منتقل کر دیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کرم ملک حبیب خان کا کہنا ہے کہ غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

ضلع کرم، پاراچنار: سپورٹس کمپلیکس پاراچنار میں امن و امان کی بہتر صورتحال کے باعث سالوں سے التواء کا شکار

آسٹروٹرف منصوبے پر دوبارہ کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

کرم) محمد خالق اورکزئی سے)۔۔۔ ضلع کرم، پاراچنار: سپورٹس کمپلیکس پاراچنار میں امن و امان کی بہتر صورتحال کے باعث سالوں سے التواء کا شکار آسٹروٹرف منصوبے پر دوبارہ کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا، جس کا افتتاح ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کرم امیر نواز نے کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر کرم امجد علی بھی موجود تھے۔ کروڑوں روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ علاقے میں کھیلوں ※ صحت مند سرگرمیوں کے فروغ اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کی جانب ایک اہم اور مثبت پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ افتتاح کے بعد ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ کنٹریکٹر اور سٹاف سے ملاقات کی اور انہیں ہدایت کی کہ کام کے معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ یہ منصوبہ پائیدار اور مثالی ثابت ہو۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ متعلقہ سٹاف نے اس موقع پر اعلیٰ معیار کے مطابق کام مکمل کرنے اور مقررہ مدت میں منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچانے کی یقین دہانی کرائی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ جدید سہولیات سے آراستہ یہ آسٹرو ٹرف نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین موقع فراہم کرے گا اور انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرے گا، جس سے نہ صرف مقامی سطح پر کھیلوں کو فروغ ملے گا بلکہ قومی سطح پر باصلاحیت کھلاڑیوں کو آگے آنے کا موقع بھی میسر آئے گا۔

ضلعی انتظامیہ گجرات کی جانب سے کچہری چوک میں قائم نشانِ حیدر کے یادگار کو از سرِ نو تعمیر کیا جارہا

انتظامیہ کے مطابق یادگار کی تزئین و آرائش جدید ڈیزائن اور معیاری تعمیراتی کام کے ساتھ کی جارہی ہے

نشانِ حیدر یادگار کی از سرِ نو تعمیر گجرات: ضلعی انتظامیہ گجرات کی جانب سے کچہری چوک میں قائم نشانِ حیدر کے یادگار کو از سرِ نو تعمیر کیا جارہا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد یادگار کو مزید خوبصورت اور شایانِ شان انداز میں عوام کے سامنے پیش کرنا ہے تاکہ شہریوں کو قومی ہیروز کی قربانیوں کی یاد دہانی کرائی جا سکے۔ انتظامیہ کے مطابق یادگار کی تزئین و آرائش جدید ڈیزائن اور معیاری تعمیراتی کام کے ساتھ کی جا رہی ہے۔ اس اقدام سے نہ صرف شہر کے مرکزی مقام کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا بلکہ عوامی شعور اور حب الوطنی کے جذبے کو بھی تقویت ملے گی۔ اے سی گجرات عبدالقدیر زرکون نے کہا ہے کہ منصوبے کی تکمیل کے بعد کچہری چوک میں یہ یادگار شہریوں کے لیے ایک نمایاں اور تاریخی علامت کے طور پر سامنے آئے گی۔

موروشہر کے باندھی روڈ پر پولیس اور منشیات فروشوں کے درمیان مبینہ مقابلہ

تھانہ مورو کا پولیس اہلکار اللہ بخش زرداری شدید زخمی

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) مورو شہر کے باندھی روڈ پر پولیس اور منشیات فروشوں کے درمیان مبینہ مقابلہ۔ تھانہ مورو کا پولیس اہلکار اللہ بخش زرداری شدید زخمی۔ ادھر منشیات فروش نبی بخش عرف بجلی زرداری کو زخمی حالت میں تعلقہ ہسپتال مورو منتقل کر دیا گیا ہے۔ مورو پولیس کے مطابق آئس، چرس اور شراب کی متعدد وارداتوں میں گرفتار ملزم نبی بخش عرف بجلی زرداری کی گرفتاری کے لیے مورو میں باندھی روڈ پر کارروائی کی گئی، جس پر بجلی زرداری نے پولیس پر فائرنگ کر کے ایک پولیس اہلکار اللہ بخش زرداری کو زخمی کر دیا۔ ادھر مورو پولیس کی جوابی فائرنگ سے نبی بخش عرف بجلی زرداری شدید زخمی ہوگیا جسے تعلقہ ہسپتال مورو سے نواب شاہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ تھانہ مورو کے زخمی پولیس اہلکار اللہ بخش زرداری اور زخمی منشیات فروش بجلی زرداری کو علاج کے لیے نواب شاہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈی ایس پی مورو میڈم ڈاکٹر فائزہ مُؤ ڈھر نے میڈیا کو بتایا کہ

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج خالد آباد، تعلقہ مورو میں گیارہویں جماعت کا پرچہ کامیابی سے منعقد ہوا

اس موقع پر انٹرنل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر میڈم ثناء سکندر کورائی نے امتحانی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے موبائل کلیکشن پوائنٹ کا دورہ کیا

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج خالد آباد، تعلقہ مورو میں گیارہویں جماعت کا پرچہ کامیابی سے منعقد ہوا۔ اس موقع پر انٹرنل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر میڈم ثناء سکندر کورائی نے امتحانی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے موبائل کلیکشن پوائنٹ کا دورہ کیا، جس کے بعد انہوں نے مختلف کلاسز کا معائنہ بھی کیا۔ اس دوران ایکسٹرنل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر زاہد حسین سیال، پروفیسر ساجد اقبال سبزی اور فیکلٹی پروفیسر عاشق علی بھنگر نے بھی کلاسز کا دورہ کیا، جہاں امتحانی عمل انتہائی صاف، شفاف اور منصفانہ انداز میں جاری تھا۔ انویجیلیشن ٹیم بھی ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیتی نظر آئی، جس کی وجہ سے امتحانی ماحول مکمل طور پر نظم و ضبط کی عکاسی کر رہا تھا۔ پروفیسر میڈم ثناء سکندر کورائی نے اپنے موقف میں واضح کیا کہ نقل کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی اور امتحانات کو پوری ایمانداری کے ساتھ منعقد کرنے کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔

مودی نے پہلگام واقعہ اقلیتوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیلئے استعمال کیا، رمیش سنگھ اڑورا

بھارت میں اقلیتوں کی عبادت گاہیں محفوظ نہیں، بھارت لاکھوں کشمیری بہن بھائیوں کو ٹارگٹ کر رہا ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اڑورا نے کہا ہے کہ مودی نے پہلگام واقعہ کو اقلیتوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیلئے استعمال کیا، بھارت نے مذہبی عبادت گاہوں اور شہریوں کو نشانہ بنایا۔ پہلگام فالس فلیگ اور بھارت میں اقلیتی برادری پر مظالم کے حوالے سے وزیر مملکت کھیبل داس کوہستانی اور رکن قومی امن کمیٹی راجیش کمار ہرداسانی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اڑورا نے کہا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، بھارت نے پہلگام فالس فلیگ کی آڑ میں پاکستان کے خلاف جارحیت کی کوشش کی، مودی حکومت نے نام نہاد پہلگام واقعہ کو اقلیتوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیلئے بہانے کے طور پر استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں اقلیتوں کے خلاف تشدد کوئی نیا رجحان نہیں، بھارت کا پہلگام فالس فلیگ پاکستان کیلئے عزت کا باعث بنا، بھارت عالمی سطح پر سفارتی تنہائی کا شکار ہو چکا ہے۔

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے میاں محمد سومرو کی ملاقات، اہم امور پر گفتگو

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید نہال ہاشمی سے سابق گورنر سندھ میاں محمد سومرو نے ملاقات کی ہے۔ ملاقات کے دوران میاں محمد سومرو کی جانب سے گورنر سندھ کو منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا، ملاقات نہایت خوشگوار، سنجیدہ اور باوقار ماحول میں ہوئی، جس میں اہم قومی و صوبائی امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ گورنر سندھ نے میاں محمد سومرو کے وسیع انتظامی و سیاسی تجربے سے بھرپور رہنمائی لینے کے عزم کا اظہار کیا

وزیراعلیٰ مریم نواز پسے ہوئے محکوم طبقے کی آواز ہیں، احسن افضل کھوکھر

پہلی بار عوام کے ٹیکس کا پیسہ دیانتداری، شفافیت کیساتھ انکی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جارہا

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پسے ہوئے محکوم طبقے کی آواز ہیں، پہلی بار پنجاب کے عوام کے ٹیکس کا پیسہ دیانتداری اور شفافیت کے ساتھ ان کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مریم نواز نے لاہور اور پنجاب کے دیگر شہروں میں کسی بھی قسم کی تفریق ختم کر دی ہے اور اب ہر شہر میں صحت، تعلیم اور انفراسٹرکچر کے جدید منصوبوں کا دائرہ پورے پنجاب میں وسیع کیا جارہا ہے۔ پہلی بار پنجاب کے عوام کے ٹیکس کا پیسہ دیانتداری اور شفافیت کے ساتھ ان کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کے کھربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کوئی مخالف انگلی نہیں اٹھا سکتا اور پنجاب میرٹ، گڈ گورننس اور ترقی کے لحاظ سے باقی صوبوں میں ٹاپ پوزیشن پر ہے۔

کراچی: ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے لئے پہلا ابتدائی ٹیسٹ سندھ ہائی کورٹ لان میں ہو رہا ہے۔

کراچی، خلیجی ممالک جانیوالی شپمنٹس پر خصوصی رعایت کا اعلان

کے پی ٹی ٹرمینلز پر اسٹوریج چارجز میں 25 سے 50 فیصد تک کمی کا اعلان کیا گیا ہے، وفاقی وزیر جنید انوار

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار نے خلیجی ممالک جانے والی تاخیری شپمنٹس پر برآمد کنندگان کو خصوصی رعایت دینے کا اعلان کیا ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار کے مطابق کے پی ٹی ٹرمینلز پر اسٹوریج چارجز میں 25 سے 50 فیصد تک کمی کا اعلان کیا گیا ہے، جس کے تحت خلیجی ممالک جانے والی تاخیری شپمنٹس پر برآمد کنندگان کو خصوصی رعایت ملے گی۔ جنید انوار نے بتایا کہ بندرگاہوں پر پھنسے کنٹینرز کارگو پر بھی ریلیف کا اطلاق ہوگا، مالی دباؤ کم کر کے برآمدات کو سہارا دیا جا رہا ہے جبکہ لاجسٹک مسائل کے خاتمے اور کارگو کلیئرنس بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جی ٹی ایل پر یکم سے 20 مارچ تک 50 فیصد اسٹوریج چارجز معاف ہوں گے، کے آئی سی ٹی پر یکم سے 10 مارچ تک 50 فیصد رعایت دی جائیگی جبکہ ایس اے پی ٹی پر 11 سے 31 مارچ تک 25 فیصد کمی کا اطلاق ہوگا۔ وفاقی وزیر بحری امور نے چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد کی کاوشوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بندرگاہی نظام کو تجارتی تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی ضرورت ہے۔

پاکستان آرمی میں سپاہی، کلرک اور دیگر عہدوں پر بھرتی کے لیے رجسٹریشن 30 مئی تک جاری

امیدوار آن لائن یا سلیکشن سینٹر میں خود درخواست جمع کرا سکتے ہیں، کمشنر کراچی آفس میں میں اجلاس کو بریفنگ

کراچی (این این آئی) پاکستان آرمی میں سپاہی، کلرک، نرسنگ، سینیٹری ورکرز اور دیگر ٹریڈز سمیت مختلف عہدوں پر بھرتی کے لیے پاکستان آرمی سلیکشن اینڈ ریکروٹمنٹ سینٹر کراچی نے باضابطہ طور پر درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ رجسٹریشن کا عمل 30 مئی تک جاری رہے گا۔ امیدوار آن لائن یا خود سلیکشن سینٹر میں جا کر درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔ اس حوالے سے کمشنر کراچی آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلعی انتظامیہ اور بلدیاتی اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، ٹاؤن میونسپل کارپوریشنز کے میونسپل کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے بھی حصہ لیا۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل کمشنر کراچی ون غلام مہدی شاہ نے کی جبکہ پاکستان آرمی سلیکشن اینڈ ریکروٹمنٹ سینٹر کی جانب سے کرنل ذکی اسلم، اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹرز رابعہ سید، میجر ذیشان علی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ کرنل ذکی اسلم نے اجلاس کے شرکا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بھرتی کے عمل کو شفاف اور میرٹ کے مطابق بنانے کے لیے انتظامیہ اور بلدیاتی اداروں کے تعاون سے بھرپور آگاہی مہم شروع کی جارہی ہے۔ اس سلسلے میں شہری مارکیٹوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر پاکستان آرمی کے جاری کردہ پوسٹرز اور بینرز آویزاں کیے جائیں گے۔

راولپنڈی: صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر کو لیاقت باغ سپورٹس کمپلیکس راولپنڈی کے دورہ کے موقع پر ترقیاتی کاموں بارے بریفنگ دی جارہی ہے۔

عارف والا: موٹر سائیکل سوار 2 افراد کا میڈیکل اسٹور پر حملہ، اسٹور مالک شدید زخمی

عارف والا (این این آئی) عارف والا میں موٹر سائیکل سوار دو ملزمان میڈیکل اسٹور پر حملہ کر دیا، جدید اسلحے سے فائرنگ میں میڈیکل اسٹور مالک شدید زخمی ہوگیا۔ ملزمان نے بچے کے سامنے میڈیکل اسٹور مالک صغیر پر گولیاں چلائیں، گاؤں 149 ای بی کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی، بچہ اپنے عزیز کو بچانے کیلئے ملزمان سے منتیں بھی کرتا رہا، ملزمان نے صغیر کے پاؤں میں گولیاں ماری، دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہوگئے، زخمی شہری اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی،

پنجاب کے سرکاری ہسپتال طبی سہولیات کے اعتبار سے نجی ہسپتالوں سے پیچھے نہیں رہے، مرزا محمد جاوید

مریم نواز کی قیادت میں پولیس کلچر میں بہتری اور ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت آئی ہے، رہنما مسلم لیگ (ن)

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق رکن پنجاب اسمبلی مرزا محمد جاوید نے کہا ہے کہ لاہور سمیت پنجاب کے سرکاری ہسپتال طبی سہولیات کے اعتبار سے کسی بھی طرح مخصوص نجی ہسپتالوں سے پیچھے نہیں رہے، پنجاب کے دستیاب وسائل کا رخ اشرافیہ کی بجائے عوام کی طرف موڑ دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے قائدانہ کردار نے پولیس کلچر اور تھانہ کلچر بدل دیا ہے، انہوں نے محفوظ پنجاب کا خواب شرمندہ تعبیر کر دیا، پنجاب بھر میں خواتین کے تحفظ کے لئے خصوصی اقدامات قابل قدر ہیں۔ جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا براہ راست اپنے تعمیراتی اور ترقیاتی منصوبوں کو مانیٹر کرنا مستحسن ہے۔ انہوں نے شہر لاہور کے ساتھ ساتھ پنجاب کے دور دراز کے اضلاع کو بنیادی ضروریات اور جدید شہری سہولیات کی فراہمی کا بیڑا اٹھایا ہے۔ مرزا محمد جاوید نے کہا کہ پنجاب کے شعبہ جات میں جدت اور شفافیت کا کریڈٹ ویژنری وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو جاتا ہے۔

آئی ٹی کا فروغ اور خواتین کو بااختیار بنانا وزیراعلیٰ کی اولین ترجیحات ہیں، انوشہ رحمان

وزیراعلیٰ کی سینئر ایڈوائزر کی ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری لاہور آمد، خواتین سرمایہ کاروں سے ملاقات

لاہور (این این آئی) سینئر ایڈوائزر وزیراعلیٰ پنجاب برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی، سینٹر انوشہ رحمان نے ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری لاہور کا دورہ کیا صدر ویمن چیمبر فلاحت عمران اور دیگر عہدیداران نے ان کا استقبال کیا۔ سینئر ایڈوائزر نے چیمبر میں خواتین سرمایہ کاروں سے ملاقات کی اور ان کی معاشی سرگرمیوں پر بات چیت ہوئی ڈی جی ٹی ڈیپ رافعہ سید بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ سینئر ایڈوائزر انوشہ رحمان نے خواتین سرمایہ کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی خواتین باصلاحیت ہیں جنھوں نے ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، انہوں نے بتایا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کا فروغ اور خواتین کو بااختیار بنانا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ خواتین ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے اپنی مصنوعات کی مارکیٹنگ کریں اس مقصد کیلئے ای کامرس گیٹ وے بنانا وقت کی ضرورت ہے۔

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

60 سے زائد مقامات پر وارداتوں کے دوران لاکھوں کا مال و اسباب لوٹ لیا

مکو آنہ (این این آئی) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 60 سے زائد مقامات پر وارداتوں کے دوران لاکھوں کا مال و اسباب لوٹ لیا، متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چورلے اڑے، تفصیل کے مطابق الائیڈ ہسپتال میں آنے والے ایاز خان سے سوا لاکھ چورلے اڑے، عوامی کالونی کے عرفان رفیق سے لاکھوں کے زیورات، نقدی چھین لی، سلیمانیہ کالونی کے زبیر یوسف کے گھر سے بھاری مالیت کا سامان چوری، گھمن پورہ کے نعیم شاہ کے گھر سے بھاری مالیت کا سامان چوری، 219 ر۔ب کے امانت کے گھر سے 2 بکرے چوری، ڈی گراؤنڈ کے عرفان نعیم سے جھپٹا مار کر فون، شاہین چوک چک جھمرہ کے آصف علی سے ڈیڑھ لاکھ فون، 105 ر۔ب کے فاروق کے ڈیرہ سے مویشی چوری، 139 ر۔ب کے علی رضا کی حویلی سے کٹا چوری، 129 ر۔ب کے حنیف کے گودام سے موٹریں چوری، 146 ر۔ب کے ناصر سے 60 ہزار فون چھین لیا۔

حجرہ شاہ مقیم، پولیس مقابلہ، دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، ساتھی فرار

مبینہ مقابلے میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، زخمی ملزمان ہسپتال منتقل، تفتیش جاری

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ کے دوران فائرنگ کے تبادلہ میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے جبکہ ان کے دیگر ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واردات کے بعد چار ڈاکوؤں کے فرار کی اطلاع پر ایس ایچ او ڈھلیانہ نوید نذیر بلوچ اپنی ٹیم کے ہمراہ تعاقب میں نکلے تو ہیڈ کھرل کلاں کے قریب ڈاکوؤں نے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی جس کے نتیجے میں اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے دو ڈاکو زخمی ہو گئے جنہیں موقع پر گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت بلال ولد یعقوب بھٹی سکنہ 36 جلیانوالہ فیصل آباد اور ذیشان ولد بشیر احمد مسلم شیخ سکنہ جمبر قصور کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان چوری، ڈکیتی اور راہزنی کی متعدد سنگین وارداتوں میں ملوث ہیں۔ زخمی ڈاکوؤں کو طبی امداد کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

کراچی، مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 3 ڈاکو ہلاک، زخمی سمیت 2 گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ڈسٹرکٹ سینٹرل کے علاقے لیاقت آباد اور نیو کراچی میں پولیس اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان مبینہ مقابلوں کے دوران 3 ملزمان ہلاک، زخمی سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ضلع سینٹرل پولیس کے مطابق تھانہ لیاقت آباد کی حدود ڈاکخانہ پل پر شاہین فورس اور اسٹریٹ کرائم میں ملوث ملزمان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ حکام کے مطابق ملزمان ایک شہری کو لوٹ رہے تھے کہ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی، اس دوران ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی۔

لیسکو کا ساؤتھ اور ایسٹرن سرکل میں میں بجلی چوری کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے ساؤتھ اور ایسٹرن سرکل میں میں بجلی چوری کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کیا۔ ایکسین کوٹ لکھپت امجد حسین ناگرا نے ایس ڈی او صوفیہ آباد کے ہمراہ کارروائی کر کے دارالحکمت اسکول ڈلوکلاں میں بجلی چوری پکڑلی۔ ترجمان کے مطابق بجلی چوری کے دوران فور کور کیبل کے ذریعے ڈائریکٹ سپلائی استعمال ہونے کا انکشاف ہوا۔ ٹیم نے 100 کے وی اے ٹرانسفارمر اور دونوں میٹرز موقع سے اتار لیے۔ ترجمان کے مطابق 87 ہزار سے زائد یونٹس کا ڈیٹیکشن بل چارج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی گئی۔

پاک فضائیہ دشمن کو دندان شکن جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار

معرکہ حق سے قبل پاک فضائیہ نے مشقوں میں جے ایف 17 تھنڈر اور ایف 16 سمیت مختلف لڑاکا طیاروں نے صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا

راولپنڈی (این این آئی) دفاع وطن کے جذبے سے سرشار پاک فضائیہ دشمن کو دندان شکن جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ معرکہ حق میں